صنعت و تجارت کا حقیقی ترجمان
ہفت روزہ
تجارت نیوز کراچی
E-mail: Tijaratnewshd@gmail.com
Cell: 0313-1176161
چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر
جلد 26 | شمارہ: 39 | 28 ستمبر تا 4 اکتوبر 2026ء | صفحات: 4 | قیمت: 15 روپے

آبنائے ہرمز اور باب المندب عالمی معیشت کی شہ رگ ہیں، شہباز شریف

حالیہ کشیدگی میں اضافے نے اہم بحری راستوں کو شدید دباؤ میں ڈال دیا ہے، میزائلوں، ڈرونز اور توپوں کی گھن گرج کے درمیان سفارت کاری کی آواز اس سے بھی زیادہ بلند اور مضبوط ہونی چاہیے

پاکستان حالیہ بحران کے دوران مشترکہ کوششوں کے ذریعے واشنگٹن اور تہران کو اسلام آباد میں ایک میز پر لایا، فیلڈ مارشل کی مسلسل کوششوں نے سفارت کاری کیلئے گنجائش پیدا کرنے میں مدد دی، اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے آبنائے ہرمز اور باب المندب کو کھلا رکھنے پر زور دیتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ یہ دونوں اہم بحری راستے عالمی معیشت کی شریانیں ہیں اور انہیں اقوام کو آپس میں ملانے کا ذریعہ ہونا چاہیے، نہ کہ ''محاذ آرائی کے گزرگاہیں بننا چاہیے۔ وزیراعظم نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ کشیدگی میں اضافے نے اہم بحری راستوں کو شدید دباؤ میں ڈال دیا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ میزائلوں، ڈرونز اور توپوں کی گھن گرج کے درمیان سفارت کاری کی آواز اس سے بھی زیادہ بلند اور مضبوط ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز اور باب المندب عالمی معیشت کی شریانیں ہیں۔ انہیں کھلا رہنا چاہیے۔ ان پانیوں کے ذریعے جنگ کی تباہ کاریاں نہیں بلکہ خوشحالی کی امید پہنچنی چاہیے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

ملکی برآمدات 4 سو ارب ڈالر تک لے جانے کی تجویز

دس برس میں ہدف کو حاصل کرنے کے لیے برآمدات میں دس گنا اضافہ درکار ہوگا

پندرہ سال کا عرصہ رکھا جائے تو بھی سالانہ تقریباً سولہ اعشاریہ چھ فیصد برآمدی نمو درکار ہوگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی برآمدات کو موجودہ تقریباً چالیس ارب ڈالر سے بڑھا کر چار سو ارب ڈالر تک لے جانے کی تجویز اور اس کے لیے حکمت عملی پر بحث سامنے آئی ہے۔ ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق پاکستان کی سالانہ اشیا اور خدمات کی برآمدات تقریباً چالیس ارب ڈالر کے قریب ہیں جبکہ ملک کی برآمدی معیشت کو چار سو ارب ڈالر تک پہنچانے کے لیے برآمدات میں دس گنا اضافہ درکار ہوگا۔ ذرائع کے مطابق صرف برآمدات کا حجم بڑھانا کافی نہیں ہوگا، بلکہ پاکستان کو عالمی ویلیو چین میں بھی اوپر جانا ہوگا۔ یعنی خام مال یا کم قیمت مصنوعات برآمد کرنے کے بجائے زیادہ ویلیو ایڈڈ مصنوعات تیار کرکے عالمی منڈیوں میں فروخت کرنا ہوں گی۔ مثال کے طور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

نیویارک: وزیراعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل کی سعودی وزیر دفاع سے ملاقات، تعاون جاری رکھنے کا عزم

اہم ملاقات میں مکہ دفاعی معاہدے میں شامل ممالک کے اجلاس کے نتائج کو سراہا گیا

دونوں رہنماؤں نے شہری و اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنانے والے حملوں پر بھی تبادلہ خیال کیا

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان سے ملاقات کی ہے، جس میں دفاعی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ چیف آف آرمی اسٹاف اور کمانڈر ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے سعودی عرب کے وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان سے ملاقات ہوئی، جس میں باہمی امور سمیت مکہ دفاعی معاہدے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سعودی دارالحکومت ریاض میں ہونے والی اس اہم ملاقات کے دوران مکہ دفاعی تعاون معاہدے میں شامل ممالک کے سربراہانِ افواج کے اجلاس کے نتائج کو سراہا گیا، دونوں رہنماؤں نے مکہ مکرمہ اور سعودی عرب میں شہری و اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنانے والے حملوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ سعودی اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

ایندھن کی بلند قیمتیں، مالی سال 26 میں ریفائنریوں کو 54.8 ارب کا منافع

شعبے کی آمدنی مالی سال 2025 میں 1.22 ٹریلین روپے کے مقابلے میں مالی سال 2025-26 میں 27 فیصد سالانہ اضافے کے ساتھ 1.54 ٹریلین روپے ہوگئی جبکہ منافع 10.4 ارب روپے سے بڑھ کر 107.4 ارب روپے تک پہنچ گیا اور مجموعی منافع مارجن 0.9 فیصد سے بڑھ کر 7.0 فیصد ہوگیا

ریفائنری سرگرمیوں میں بھی بہتری آئی جس کے نتیجے میں پٹرولیم مصنوعات کی پیداوار 13.4 فیصد اضافے سے 11.2 ملین ٹن ہوگئی جبکہ مجموعی پیداواری صلاحیت کے استعمال کی شرح 48 فیصد سے بڑھ کر 55 فیصد ہوگئی، ڈیزل کی پیداوار میں 17.2 فیصد جبکہ پٹرول کی پیداوار میں 12.4 فیصد اضافہ ہوا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے لسٹڈ ریفائنری سیکٹر نے مالی سال 2025-26 میں مجموعی طور پر 54.8 ارب روپے کا منافع کمایا جبکہ گزشتہ مالی سال 10.5 ارب روپے کا خسارہ ہوا تھا۔ پٹرول اور ڈیزل کی ریفائننگ مارجن میں اضافے اور فروخت کے حجم میں بڑھوتری کے باعث منافع میں نمایاں بہتری آئی۔ شعبے کی آمدنی مالی سال 2025 میں 1.22 ٹریلین روپے کے مقابلے میں مالی سال 2025-26 میں 27 فیصد سالانہ اضافے کے ساتھ 1.54 ٹریلین روپے ہوگئی جبکہ مجموعی منافع 10.4 ارب روپے سے بڑھ کر 107.4 ارب روپے تک پہنچ گیا۔ نتیجتاً، شعبے کا مجموعی منافع مارجن 0.9 فیصد سے بڑھ کر 7.0 فیصد ہوگیا جبکہ خالص منافع مارجن 3.6 فیصد رہا۔ آمدنی میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر
یوٹیوب پر جا کر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں
SUBSCRIBE NOW
اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں
info@tijaratnews.tv 0313-1176161
TIJARAT NEWS بہتر اپنا کل
YouTube
TikTok

آسان ٹیکس اسکیم، ایک ماہ میں 10 ہزار دکاندار ٹیکس نیٹ میں شامل ہوگئے

1,929 پہلی بار ٹیکس نظام میں شامل ہوئے جبکہ 428 اپنے ریٹرنز جمع کرا چکے ہیں

ریٹرنز جمع کرانے والے دکانداروں کو جلد از جلد ایف بی آر پلیٹس جاری کرنے کی بھی ہدایت کردی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومتی ذرائع نے بتایا ہے کہ آسان ٹیکس اسکیم کے اجرا کے ایک ماہ کے اندر تقریباً 10 ہزار دکاندار ٹیکس نیٹ میں شامل ہوگئے ہیں۔ وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے اسکیم کے جائزہ اجلاس کی صدارت کی، جس میں حکام نے عملدرآمد پر بریفنگ دی جبکہ تاجر نمائندوں نے طریقہ کار سے متعلق تحفظات کا اظہار کیا۔ بریفنگ میں بتایا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

سپریم لیڈر مکمل صحتیاب ہیں، ایرانی صدر

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے دعویٰ کیا کہ سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای مکمل صحتمند ہیں۔ امریکی نشریاتی ادارے کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای مکمل طور پر صحت مند ہیں اور ان کے چہرے اور ٹانگوں پر آنے والے زخم بھی ٹھیک ہو چکے ہیں۔ پزشکیان (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

جی ایس ٹی میں کمی سے ہائبرڈ گاڑیوں کی قیمتیں بھی کم ہونے لگیں

رواں برس سیلز ٹیکس پچیس فیصد ہونے کی وجہ سے قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا تھا

اٹھارہ فیصد کیے جانے کے بعد مختلف گاڑی ساز کمپنیوں نے نئی قیمتوں کا اعلان کردیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں ہائبرڈ گاڑیوں کے خریداروں کے لیے اہم خبر سامنے آگئی ہے۔ حکومت کی جانب سے دو ہزار سی سی تک کی مقامی طور پر تیار ہونے والی ہائبرڈ الیکٹرک گاڑیوں پر جنرل سیلز ٹیکس پچیس فیصد سے کم کرکے اٹھارہ فیصد کیے جانے کے بعد ان کی قیمتوں میں کمی شروع ہوگئی ہے۔ رپورٹس کے مطابق مختلف گاڑی ساز کمپنیوں نے نئی قیمتوں کا اعلان (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کا اعلیٰ عہدیدار چھالیہ اسمگلروں کا سہولت کار

انڈونیشیا سے منگوائی جانے والی چھالیہ کے کراچی میں دوبارہ لیب ٹیسٹ کا فیصلہ عدالتی حکم کی خلاف ورزی ہے

نت نئی پالیسیوں سے قانونی تجارت ختم ہوچکی ہے، آل پاکستان بیٹل نیٹ مینوفیکچررز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن کا موقف

کراچی (کامرس رپورٹر) آل پاکستان بیٹل نیٹ مینوفیکچررز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن کی جانب سے جاری بیان کے مطابق 16 مارچ 2026 کو چھالیہ کے امپورٹرز کو ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کی جانب سے بیٹل نیٹ کی امپورٹ سے متعلق ایک نوٹیفکیشن موصول ہوا، جس میں انہیں یہ بتایا گیا کہ وہ نئے طریقہ کار کے تحت انڈونیشیا سے چھالیہ امپورٹ کرنے کے لیے کیا اقدامات کریں، اسی نوٹیفکیشن کے ذریعے اس بات سے بھی آگاہ کیا گیا کہ 5 کمپنیوں کو پی ایس آئی کے لیے اہل قرار دیا گیا ہے یعنی مذکورہ کمپنیاں انڈونیشیا سے خریدی جانے والی چھالیہ کے معیار، پیکنگ، مارکنگ، صفائی کی صورتحال (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

بند اسٹیل ملز سے 3 سال میں 79 ارب روپے کا نقصان

صنعتی یونٹ جون 2015 سے بند ہونے کے باوجود مالی سال 2025-26 میں اسٹیل ملز کا نقصان 24 ارب روپے رہا

ملازمین کی تنخواہوں، بجلی، گیس، پانی اور دیگر اخراجات سمیت قرضوں پر بھاری سود کی ادائیگی جاری رہی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بند پاکستان اسٹیل ملز نے گزشتہ تین مالی سال کے دوران مجموعی طور پر اربوں روپے کا نقصان کیا، جس میں سے تقریباً 57.4 ارب روپے، یعنی 72 فیصد، ماضی کے قرضوں پر سود کی ادائیگی کی مد میں خرچ ہوئے۔ وزارت صنعت ذرائع کے مطابق مالی سال 2025-26 میں اسٹیل ملز کا نقصان 24 ارب روپے رہا، حالانکہ یہ صنعتی یونٹ جون 2015 سے بند ہے۔ اور بندش کے باوجود ملازمین کی تنخواہوں، بجلی، گیس، پانی اور دیگر اخراجات کے ساتھ ساتھ سابقہ قرضوں پر بھاری سود کی ادائیگی جاری رہی۔ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2023-24 سے 2025-26 کے دوران (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

سعودی عرب نے جوہری ہتھیار کی تیاری کے آپشن کو ترک نہیں کیا ہے، خفیہ رپورٹ

اس وقت امریکا اور سعودی عرب کے درمیان سول جوہری تعاون کا معاہدہ موجود ہے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایک خفیہ امریکی رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ سعودی عرب نے جوہری ہتھیار بنانے کے امکان کو مکمل طور پر خارج نہیں کیا ہے۔ یہ جائزہ امریکی کانگریس کو فراہم کی گئی خفیہ دستاویزات میں شامل بتایا گیا ہے۔ یہ رپورٹ ایسے وقت سامنے آئی ہے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

ٹیکس گزار اور ٹیکس افسر کا رابطہ ختم، نیشنل فیس لیس سینٹر قائم

نئے طریقے میں کیس کا انتخاب کسی افسر کے بجائے کمپیوٹرائزڈ، رسک پر مبنی نظام کرے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر نے ٹیکس گزار اور ٹیکس افسر کا براہ راست رابطہ ختم کرنے کے لیے اسلام آباد میں نیشنل فیس لیس سینٹر قائم کر دیا ہے، جس کے تحت ٹیکس آڈٹ اور اسسمنٹ کا طریقہ کار تبدیل کردیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر کی بورڈ ان کونسل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے پی آئی اے پر ایک کروڑ سے زائد کا جرمانہ عائد کردیا

یہ اقدام مسافروں کو نامناسب سہولیات کی فراہمی پر کیا گیا، نوٹس ملنے کے باوجود جمع نہیں کروایا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے پی آئی اے پر ایک کروڑ سے زائد کا جرمانہ عائد کردیا۔ پی آئی اے کو یہ جرمانہ مسافروں کو نامناسب سہولیات کی فراہمی پر کیا گیا ہے جسے پی آئی اے نے نوٹس ملنے کے باوجود جمع نہیں کرایا بلکہ اسے کم یا معاف کرانے کی کوششوں میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

ایران امریکی جواب کا منتظر، ٹرمپ نے امن منصوبہ مسترد کردیا

ایران کے مطابق اس تجویز کے تحت سات روز میں کشیدگی اور لڑائی کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے اور وسیع تر مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ بندی کے لیے اپنی تجویز پر امریکا کے باضابطہ جواب کا منتظر ہے تاہم وال اسٹریٹ جرنل نے رپورٹ کیا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اس معاہدے کو مسترد کردیا ہے، ایران نے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

پشاور: وزیراعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی لانگ مارچ ملتوی کرنے کا اعلان کر رہے ہیں

پاسبان ریمی ٹینس ریوارڈ، ہر سال اربوں روپے کے انعام دینے کا اعلان

اسکیم کے تمام اخراجات بینکاری صنعت برداشت کرے گی اور قومی خزانے پر اس کا کوئی بوجھ نہیں پڑے گا

اپنی ترسیلات بینکاری ذرائع سے بھیجنے والے صارفین کو مجموعی طور پر 16 ارب روپے کے نقد انعامات دیے جائیں گے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بینک دولتِ پاکستان کے گورنر جمیل احمد نے ''پاسبان ریمی ٹینس ریوارڈ'' اسکیم کا افتتاح کردیا۔ مارکیٹ کی بنیاد پر انعامات دینے کی یہ اسکیم بینکاری صنعت کے نمائندہ پلیٹ فارم پاکستان بینکس ایسوسی ایشن (پی بی اے) کے زیر اہتمام شروع کی گئی ہے۔ اسکیم کے تحت اپنی ترسیلات بینکاری ذرائع سے پاکستان بھیجنے والے صارفین کی خدمات کے اعتراف میں انہیں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

امریکی صدر ٹرمپ چینی صدر شی جن پنگ وائٹ ہاؤس کے ریڈ روم میں ملاقات کر رہے ہیں

پکڑی گئی گاڑیوں اور کنٹینرز کا معاوضہ دیا جائے، ٹرانسپورٹرز

سرکاری تحویل میں لی گئی گاڑیوں کی مجموعی تعداد 2500 سے تجاوز کر چکی ہے

پندرہ روز سے مطالبہ ہے کہ لوڈ گاڑیاں فوری طور پر ریلیز کریں اور خالی گاڑیوں کا معاوضہ دیں، اویس چوہدری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن محمد اویس چوہدری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ سیاسی جماعت کی جانب سے احتجاج مؤخر کیے جانے کے باوجود گڈز ٹرانسپورٹرز کی گاڑیاں اسلام آباد سمیت مختلف شہروں میں تاحال تحویل میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور سے مزید تقریباً 200 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

ایف بی آر، سیلز ٹیکس ریٹرنز کی الیکٹرانک جانچ پڑتال کا نظام متعارف

متعلقہ افسران لینڈ ریونیو بھی پیشگی اطلاع رجسٹرڈ شخص کو ارسال کر سکے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے سیلز ٹیکس ریٹرنز کی الیکٹرانک جانچ پڑتال کا طریقہ کار متعارف کرا دیا ہے۔ نئے نظام کے تحت کمپیوٹرائزڈ نظام کے ذریعے سامنے آنے والے حقائق، قانونی غلطیوں یا تضادات کی نشاندہی رجسٹرڈ افراد کو آئی آر آئی ایس کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

ترقی کیلئے افغان سرزمین سے دہشتگردی روکنا ضروری ہے، نائب وزیراعظم

علاقائی تعاون کو مستحکم کرنے کے لیے بات چیت کے بجائے عملی اقدامات کی ضرورت ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے واضح کیا ہے کہ جب تک افغان سرزمین سے دہشت گردی کا خاتمہ نہیں ہوتا، پورے خطے میں امن اور خوشحالی کا قیام ممکن نہیں، اقتصادی تعاون تنظیم کے 27ویں وزارتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ علاقائی تعاون کو مستحکم کرنے کے لیے محض بات چیت کافی نہیں بلکہ عملی اقدامات (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

شوگر سیکٹر کی مکمل ڈی ریگولیشن کی جائے، شوگر مل ایسوسی ایشن

کسانوں کو اپنی پیداوار کے لیے عالمی منڈی سے منسلک قیمتوں تک زیادہ رسائی حاصل ہوگی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن (پی ایس ایم اے) نے شوگر سیکٹر کی مکمل ڈی ریگولیشن کا مطالبہ کرتے ہوئے مؤقف اختیار کیا ہے کہ صنعت کو آزاد منڈی کے اصولوں کے مطابق کام کرنے کی اجازت دی جانی چاہیے۔ ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی نے شوگر سیکٹر کی مکمل ڈی ریگولیشن کے اپنے دیرینہ مطالبے کا اعادہ کیا۔ ان کا مؤقف تھا کہ ڈی ریگولیشن (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

پٹرولیم لیوی کے خلاف جماعت اسلامی 20 لاکھ حلف نامے جمع کرے گی

کراچی کے 25 مقامات پر احتجاجی کیمپس لگانے کے ساتھ عوامی رابطہ مہم چلائی جائے گی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے اعلان کیا ہے کہ پیٹرول لیوی بھتہ ٹیکس کے خاتمے اور آئی پی پیز مافیا سے نجات حاصل کرنے کے مطالبات پر مبنی 20 لاکھ محضرنامے پر کروائے جائیں گے، اس سلسلے میں کراچی کے 25 مقامات پر احتجاجی کیمپس لگائے جائیں گے اور بڑے پیمانے پر رابطہ عوام مہم چلائی جائے گی۔ ہمارا مطالبہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

پاکستان اور پرتگال کا خصوصی اقتصادی زون میں سرمایہ کاری پر تبادلہ خیال

ایس آئی ایف سی نے پرتگال کے سفیر کو ملکی استعداد اور سہولت کاری کے نظام سے آگاہ کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) اور پرتگال کے سفیر پاؤلو ڈومنگوس نے پاکستان اور پرتگال کے درمیان اقتصادی، تجارتی اور سرمایہ کاری کے تعاون کو مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ ایس آئی ایف سی نے ہفتے کو جاری ایک بیان میں کہا کہ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے شعبوں کا جائزہ لینے اور دونوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

پاک بحریہ کی سمندر میں کارروائی، 750 ملین ڈالرز کی منشیات برآمد

اہلکاروں نے دوران گشت مشکوک کشتی کی تلاشی لے کر خفیہ خانوں سے منشیات برآمد کیں

صدر مملکت اور وزیراعظم کا کامیاب کارروائی پر پاک بحریہ کے جوانوں کو خراجِ تحسین

کراچی (کامرس رپورٹر) پاک بحریہ کے جہازوں حنین اور یرموک نے بحیرہ عرب میں منشیات کے خلاف مشترکہ آپریشن کے دوران تقریباً 750 ملین ڈالر مالیت کی 2,800 کلوگرام سے زائد منشیات قبضے میں لے لیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی پریس ریلیز کے مطابق معمول کی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

ٹرمپ کی بھارتی جارحیت پر پاکستان کے اصولی موقف کی تائید

امریکی صدر نے شہباز شریف کے بھارتی اشتعال انگیزی کے خلاف بیان کو سوشل میڈیا پر شیئر کردیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی فالس فلیگ ڈرامہ بے نقاب، صدر ٹرمپ نے پاکستان کے خلاف بھارتی اشتعال انگیز اقدام کو یکسر مسترد کردیا، امریکی صدر ٹرمپ نے بھارتی اشتعال انگیزی اور پاکستان کے منہ توڑ جواب پر وزیراعظم شہباز شریف کے بیان کو سوشل میڈیا پر شیئر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد: PTI مارچ کے پیش نظر پشاور جانے والی M-1 موٹروے کو کنٹینرز لگا کر بند کر دیا گیا ہے

ریاض: سعودی عرب میں ''مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے'' کے تحت ترکیہ کے چیف آف جنرل اسٹاف جنرل سلچوک، سعودی چیف آف جنرل اسٹاف جنرل فیاض بن حامد الرویلی، پاکستان کے چیف آف ڈیفنس فورسز و آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اجلاس میں شریک ہیں

صنعت و تجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ
تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد نمبر 26 (شمارہ نمبر 39) 28 ستمبر تا 4 اکتوبر 2026ء فون- 0313-1176161 Email:Tijaratnewshd@gmail.com

چین کی جدت اور پیداواری صلاحیت پاکستان کیلئے رہنمائی ہے

عالمی اقتصادی تبدیلیوں اور تکنیکی ترقی کے تناظر میں پاکستان خود کو ایک نازک موڑ پر پا رہا ہے جہاں پائیدار ترقی کے لیے جدت کو اپنانا اور پیداواری صلاحیت کو بڑھانا ناگزیر ہے۔فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے چیئرمین کوآرڈینیشن ملک سہیل حسین نے کہا کہ چین کی چند دہائیوں میں ایک بنیادی زرعی معاشرے سے معاشی پاور ہاؤس میں تبدیلی پاکستان جیسے ممالک کے لیے انمول سبق ہے۔جدت طرازی میں چین کا عروج عالمی انڈیکس جیسے گلوبل انوویشن انڈیکس پر اس کی متاثر کن درجہ بندی سے ظاہر ہوتا ہے، جہاں یہ مسلسل اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں میں شامل ہے۔کئی اہم عوامل نے جدت اور پیداواری صلاحیت کو فروغ دینے میں چین کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ان میں ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ میں اہم سرمایہ کاری شامل ہے جیسے آٹومیشن اور مصنوعی ذہانت، اختراعی مرکزوں اور صنعتی پارکوں کا قیام، حکومت، تعلیمی اداروں اور صنعت کے درمیان اسٹریٹجک تعاون کے ساتھ ساتھ ڈرائیونگ کے قابل ہنرمند افرادی قوت کو تیار کرنے پر توجہ مرکوز کرنا شامل ہے۔پاکستان کو عالمی منڈی میں متعلقہ رہنے کے لیے اپنی مینوفیکچرنگ کی صلاحیتوں کو اپ گریڈ کرنے میں سرمایہ کاری کرنی چاہیے۔اسی طرح، ملک بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ منسلک ہونے، عالمی سپلائی چینز میں شامل ہونے اور غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری کو راغب کرنے سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔نیشنل پروڈکٹیوٹی آرگنائزیشن کے سی ای او ایم عالمگیر چوہدری نے ایک مضبوط معیشت کی بنیاد کے طور پر پیداواری صلاحیت، معیار اور جدت کے اہم کردار پر روشنی ڈالی۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پیداواری ترقی معاشی توسیع کو آگے بڑھاتی ہے۔انہوں نے پاکستان کی سست پیداوار کی شرح نمو پر افسوس کا اظہار کیا، ان کی وجہ جدت طرازی میں کمی، ناکافی سرمایہ کاری، تکنیکی خامیاں اور تحقیق پر زور نہ دینا ہے۔یہ عوامل اجتماعی طور پر پاکستان کی پیداواری سطح کو روکتے ہیں، اس کی عالمی مسابقت کو کمزور کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس طرح کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے ممکنہ طور پر چین جیسے شراکت داروں کی مدد سے مشترکہ منصوبوں کی حوصلہ افزائی کرنا ضروری ہے۔یہ نقطہ نظر باہمی تعاون کی کوششوں کو فروغ دیتا ہے جس کا مقصد رکاوٹوں پر قابو پانا اور سازگار نتائج حاصل کرنا ہے۔ان کے مطابق این پی او نے زیادہ سے زیادہ توجہ مرکوز کرنے کے ساتھ زیادہ سے زیادہ حاصل کرنے کے لیے کچھ حقیقی کوششیں کی ہیں جس کا بنیادی مقصد انسانی وسائل کی ترقی ٹیکنالوجی کے مظاہرے، اور بہتر طریقوں، عمل کے ذریعے کل فیکٹر پروڈکٹیوٹی کو بڑھانا ہے اور مقامی اور عالمی منڈیوں میں مقابلہ کرنے کے لیے ملک میں طریقہ کار اپنانا ہے۔این پی او پیداواری وژن 2025 پر کام کر رہا ہے، جس سے ملک میں صنعتی کارکردگی میں اضافہ ہوگا۔ہم فی الحال چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری، کالجوں اور یونیورسٹیوں کے ساتھ مل کر پیداواری مہم کو آگے بڑھا رہے ہیں۔نجی شعبہ پوری طرح مصروف ہے، اور ہم اپنے مستقبل کے وژن کو بھی فعال طور پر تشکیل دے رہے ہیں۔

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	278.95 PKR	279.15 PKR
Euro	EUR	321.04 PKR	324.40 PKR
British Pound	GBP	376.31 PKR	379.15 PKR
UAE Dirham	AED	76.30 PKR	77.00 PKR
Saudi Riyal	SAR	74.65 PKR	75.30 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	890.02 PKR	900.95 PKR
Canadian Dollar	CAD	197.72 PKR	201.65 PKR
Australian Dollar	AUD	194.48 PKR	205.17 PKR
Omani Riyal	OMR	725.81 PKR	735.65 PKR
Japanese Yen	JPY	1.71 PKR	1.81 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	67.00 PKR	68.05 PKR
Qatari Riyal	QAR	75.45 PKR	76.47 PKR
Bahrain Dinar	BHD	741.05 PKR	751.95 PKR
Thai Bhat	THB	8.55 PKR	8.80 PKR
Chinese Yuan	CNY	38.05 PKR	38.80 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	35.24 PKR	36.25 PKR
Danish Krone	DKK	42.56 PKR	43.25 PKR
New Zealand Dollar	NZD	161.20 PKR	163.75 PKR
Singapore Dollar	SGD	214.85 PKR	217.85 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.99 PKR	28.29 PKR
Swedish Krona	SEK	28.25 PKR	28.90 PKR
Swiss Franc	CHF	343.59 PKR	348.25 PKR
Indian Rupee	INR	2.75 PKR	3.20 PKR

مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 424,500	Rs. 363,950
22k	Rs. 389,123	Rs. 333,618
21k	Rs. 371,440	Rs. 318,457
20k	Rs. 353,843	Rs. 303,370
18k	Rs. 318,376	Rs. 272,963
14k	Rs. 247,635	Rs. 212,312
12k	Rs. 247,635	Rs. 181,975

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Karachi	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Lahore	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Islamabad	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Rawalpindi	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Peshawar	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Quetta	Rs. 5,808	Rs. 6,767

پاکستان میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 0 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 0 /Kg

پاکستان پیٹرول کے نرخ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 310.71 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 323.3 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 199.98 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 233.71 /Ltr

PSX INDEX

KSE 100	NERGY 9.81 ^ 0.19 KEL 7.35 v -0.24 LOTCHEM 29.11 v -1.32 BOP 33.68 v -0.51 TPLRF
KSE ALL SHARE	CNERGY 9.81 ^ 0.19 TPLP 12.1 v -0.67 PRL 44.59 ^ 2.94 WTL 1.23 v -0.04 KEL 7.35
KSE 30	o Data Found. No Data Found. No Data Found. No Data Found. No Data Found.
KMI30	o Data Found. No Data Found. No Data Found. No Data Found. No Data Found.
ALL SHARE ISLAMIC	NERGY 9.81 ^ 0.19 PRL 44.59 ^ 2.94 KEL 7.35 v -0.24 LOTCHEM 29.11 v -1.32 TPLRF1
BATI	OP 33.68 v -0.51 NBP 204.35 v -4.44 BAFL 56.74 v -0.95 UBL 465.98 v -4.25 HBL 304.3
OGTI	[illegible]

بھارت: بندر شراب پی کر دکان میں ہی سو گیا، دلچسپ ویڈیو وائرل

رانچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی شہر رانچی میں ایک بندر نے ایسی حرکت کر ڈالی کہ دیکھنے والے بھی حیران رہ گئے۔بھارتی میڈیا کے مطابق اورمانجھی کے ایک شراب خانے میں اچانک بندر داخل ہوا جس پر

دکان میں موجود افراد میں افراتفری مچ گئی۔جب دکاندار نے اسے باہر نکالنے کی کوشش کی تو مبینہ طور پر بندر نے اسے کاٹ لیا۔بعدازاں بندر نے شراب کی ایک بوتل اٹھائی اور مبینہ طور پر اس میں موجود مشروب پی لیا، جس کے بعد وہ دکان کے اندر ہی لیٹ کر سو گیا۔صورتحال پر قابو پانے کے لیے ریسکیو ٹیم کو بلایا گیا، جس نے اس بندر کو بحفاظت وہاں سے نکال لیا۔واقعے کی ویڈیو بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے۔

اسکاٹ لینڈ: دنیا کی معمر ترین خاتون گیمر

اسکاٹ لینڈ (مانیٹرنگ ڈیسک) اسکاٹ لینڈ کی ایک معمر خاتون گیمر نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹوئچ پر مشہور گیم فورٹ نائٹ کی معمر خاتون اسٹریمر ہونے کا گینیز ورلڈ ریکارڈ قائم کر دیا۔78 سالہ کیتھ بووی (جو آن لائن گیمنگ پلیٹ فارم پر grumpygran48 کے نام سے گزشتہ 9 برس سے اپنے گیمنگ سیشنز لائیو اسٹریم کر رہی ہیں) نے بتایا کہ 2017 میں اپنے پوتے کو فورٹ نائٹ کھیلتے دیکھ کر وہ پہلی ہی نظر میں اس گیم کی جانب متوجہ ہوگئی تھیں۔کیتھ بووی نے گینیز ورلڈ ریکارڈز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تقریباً نو

سال گزر چکے ہیں لیکن وہ آج بھی فورٹ نائٹ کھیل رہی ہیں اور اسے پہلے کی طرح ہی بے حد پسند کرتی ہیں۔عمر بڑھنے کے باوجود انہوں نے کبھی اپنی عمر کو اپنے راستے کی رکاوٹ نہیں بننے دیا۔ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے کئی دوسرے ویڈیو گیمز بھی آزما کر دیکھے لیکن فورٹ نائٹ جیسی دلچسپی انہیں کسی اور گیم میں محسوس نہیں ہوئی۔ان کا کہنا تھا کہ وہ خود کو صرف گیمر نہیں بلکہ 'فورٹ نائٹر' کہنا زیادہ پسند کرتی ہیں۔کیتھ بووی نے یکم ستمبر کو اپنی 78 ویں سالگرہ منائی۔ان کی گیمنگ کہانی کو گینیز ورلڈ ریکارڈز گیمرز ایڈیشن 2027 میں بھی شامل کیا گیا ہے جہاں وہ یہ ثابت کرتی نظر آتی ہیں کہ گیمنگ کا شوق عمر کا پابند نہیں۔

چین: سبزی فروش نے خواتین گاہکوں کو متوجہ کرنے کیلئے میک اپ کر لیا

شنگھائی (مانیٹرنگ ڈیسک) چین میں ایک سبزی فروش نے خواتین گاہکوں کی توجہ حاصل کرنے کے لیے ایسا انوکھا طریقہ اختیار کیا کہ اس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔عام طور پر سبزی فروش گاہکوں کو اپنی جانب متوجہ کرنے کے لیے تازہ سبزیوں، مناسب قیمت یا خصوصی رعایت کا سہارا لیتے

ہیں، لیکن اس چینی دکاندار نے اپنی دکان کو نمایاں کرنے کے لیے میک اپ کرنے کا فیصلہ کیا۔سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ویڈیو میں سبزی فروش کو مکمل میک اپ کے ساتھ اپنے اسٹال پر سبزیاں فروخت کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔رپورٹس کے مطابق دکاندار نے یہ منفرد انداز بالخصوص خواتین گاہکوں کی توجہ حاصل کرنے کے لیے اپنایا، تاہم اس کی یہ مارکیٹنگ حکمت عملی صرف بازار تک محدود نہ رہی بلکہ سوشل میڈیا صارفین کی توجہ بھی حاصل کر گئی۔

چین میں چہرہ بھی آمدنی کا ذریعہ بن گیا، لوگ اے آئی کو ڈیجیٹل شناخت لائسنس پر دینے لگے

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین کی تیزی سے ترقی کرتی مصنوعی ذہانت کی صنعت نے روزگار اور آمدنی کے روایتی تصورات کے ساتھ ایک اور دلچسپ تبدیلی متعارف کرا دی ہے۔اب عام لوگ بھی اپنے چہرے یا ڈیجیٹل شناخت کو اے آئی سے تیار کیے جانے والے ڈراموں، اشتہارات اور ویڈیو گیمز کے کرداروں کے لیے لائسنس پر دے کر رقم کما رہے ہیں۔یوں تصور کیجیے کہ آپ کو کسی فلم میں اداکاری کے لیے اسٹوڈیو جانے کی ضرورت نہیں، بلکہ صرف آپ کا چہرہ ہی کسی ڈیجیٹل کردار کے لیے کافی ہے۔چین میں متعدد پلیٹ فارم عام افراد کو ایسے پروڈیوسرز سے جوڑ رہے ہیں جو مصنوعی ذہانت کے ذریعے تیار ہونے والے منصوبوں میں حقیقی لوگوں کے چہروں کو استعمال کرنا چاہتے ہیں۔قانونی مشورہ پا کر چینی اخبار ساؤتھ چائنا مارننگ پوسٹ کے مطابق یہ رجحان پہلے فلم اور ٹیلی وژن سے وابستہ محدود حلقوں اور نجی چیٹ گروپس تک زیادہ نمایاں تھا، تاہم رواں سال اپریل کے بعد عوامی پلیٹ فارمز پر بھی اس کی موجودگی بڑھنے لگی۔اس طرح انسانی شناخت کا ایک بنیادی حصہ سمجھے جانے والا چہرہ اب ایک قابلِ تجارت ڈیجیٹل اثاثے کی شکل اختیار کر رہا ہے۔طریقہ کار بھی بظاہر پیچیدہ نہیں۔خواہش مند افراد متعلقہ پلیٹ فارم پر اکاؤنٹ بناتے ہیں، شناخت کی تصدیق مکمل کرتے ہیں اور اپنے چہرے پر مبنی ڈیجیٹل اداکار کا پروفائل تیار کرتے ہیں۔اس کے بعد پروڈیوسرز دستیاب پروفائلز میں سے اپنے منصوبے کے لیے موزوں چہرہ منتخب کر سکتے ہیں۔شین ژین میں قائم یوان شیانگ شِن شِنگ نامی پلیٹ فارم نے مئی میں کام شروع کیا تھا، جہاں صارفین شناخت کی تصدیق کے بعد اپنی ڈیجیٹل پروفائلز بنا سکتے ہیں۔اس پورے کاروبار کو چین میں تیزی سے پھیلتی اے آئی انٹرٹینمنٹ انڈسٹری سے جوڑا جا رہا ہے۔اے آئی کی مدد سے مختصر ڈراموں کی تیاری پہلے کے مقابلے میں کم وقت اور کم

خرچ میں ممکن ہوگئی ہے۔اسکرپٹ لکھنے سے لے کر کرداروں اور ویڈیو کی تیاری تک کئی مراحل میں مصنوعی ذہانت استعمال کی جا رہی ہے۔اسی وجہ سے ایسے حقیقی چہروں کی مانگ بھی پیدا ہوئی ہے جنہیں ڈیجیٹل کرداروں کے لیے استعمال کیا جا سکے۔اے آئی ٹولز آزمائیں یہ سوال اپنی جگہ اہم ہے کہ جب اے آئی خود بے شمار نئے چہرے تخلیق کر سکتی ہے تو پھر حقیقی انسانوں کے چہروں کی ضرورت کیوں پڑ رہی ہے؟ اس کا ایک جواب یہ ہے کہ بعض پروڈیوسرز ایسے چہرے چاہتے ہیں جو مخصوص، نمایاں یا زیادہ حقیقی محسوس ہوں۔ریسٹ آف ورلڈ کے مطابق ایک چینی کمپنی کے مارکیٹنگ افسر کا کہنا تھا کہ پروڈیوسرز مرکزی کرداروں کے لیے خوب صورت چہروں کے ساتھ ساتھ منفرد شکل وصورت اور بزرگ افراد کے چہرے بھی تلاش کرتے ہیں۔اس صورت میں متعلقہ شخص کو کیمرے کے سامنے آنے یا خود اداکاری کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی، بلکہ اس کا چہرہ ڈیجیٹل کردار کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔تاہم ہر ماہر اس کاروبار کو یکساں طور پر منافع بخش نہیں سمجھتا۔ساؤتھ چائنا مارننگ پوسٹ کے مطابق بعض ڈائریکٹرز کا خیال ہے کہ عام چہروں کی تجارتی قدر محدود ہو سکتی ہے کیونکہ اے آئی انہیں نسبتاً آسانی سے تخلیق کر سکتی ہے۔اس کے مقابلے میں معروف شخصیات کے چہرے ان کی شہرت کی وجہ سے زیادہ قیمت حاصل کر سکتے ہیں۔آمدنی بھی ہر شخص کے لیے یکساں نہیں۔ایک بینک ملازم نے صرف تین دن کے دوران ایک اشتہاری کمپنی کو اپنے پورٹریٹ کے سات مرتبہ استعمال کا لائسنس دینے کے بعد تقریباً 2,500 چینی یوآن کمائے، جو تقریباً 373 امریکی ڈالر کے برابر ہیں۔ریسٹ آف ورلڈ کے مطابق شین ژین میں قائم ایکٹ آئی ڈی نامی کمپنی بعض افراد کو فی قسط 99 سے 500 یوآن تک ادا کرتی ہے، یعنی تقریباً 15 سے 74 ڈالر۔کمپنی کے ساتھ تقریباً 800 افراد رجسٹرڈ تھے، جن میں سے تقریباً 300 نے اے آئی پروڈکشنز کے لیے اپنی شکل وصورت لائسنس کرنے پر رضامندی ظاہر کی تھی۔رپورٹس میں اس مارکیٹ میں 7 ہزار سے 15 ہزار امریکی ڈالر تک کی مختلف قیمتوں کا بھی ذکر ملتا ہے، تاہم یہ رقم عام صارف کی متوقع آمدنی نہیں۔کسی شخص کو ملنے والی رقم کا انحصار پلیٹ فارم، پروڈکشن، استعمال کی مدت اور معاہدے کی شرائط پر ہوتا ہے۔اس پورے رجحان میں اصل سوال رقم سے زیادہ شناخت کے اختیار کا ہے۔

بھارت میں سرخ چیونٹیوں سے بننے والی منفرد چٹنی کا چرچا

اڑیسہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کی ریاست اڑیسہ میں کھانے پینے کی ایک ایسی روایت بھی موجود ہے جس میں سرخ بنکر چیونٹیوں اور ان کے بچوں کو ایک خاص چٹنی کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔تیز اور کھٹے ذائقے والی یہ چٹنی مقامی قبائلی برادریوں کی خوراک کا حصہ ہے اور اسے کئی نسلوں سے تیار کیا جا رہا ہے۔مقامی طور پر استعمال ہونے والی سرخ بنکر چیونٹیاں درختوں کے پتوں کو آپس میں جوڑ کر اپنے گھونسلے بناتی ہیں۔ان کے گھونسلے عموماً صبح کے وقت درختوں سے جمع کیے جاتے ہیں، تاہم اس کام میں احتیاط ضروری ہوتی ہے کیونکہ گھونسلے میں خلل پڑنے پر چیونٹیاں حملہ کر کے کاٹ سکتی

ہیں۔گھونسلے حاصل کرنے کے بعد چیونٹیوں اور ان کے بچوں کو الگ کر کے صاف کیا جاتا ہے اور پھر خشک کیا جاتا ہے۔بعض مقامی افراد انہیں براہ راست فروخت بھی کرتے ہیں، جس سے ان خاندانوں کو اضافی آمدنی حاصل ہوتی ہے جو اس روایتی سرگرمی سے وابستہ ہیں۔اس مخصوص چٹنی کی تیاری کے لیے صاف کی گئی سرخ چیونٹیوں کو نمک، لہسن، ادرک اور مرچ کے ساتھ پیسا جاتا ہے۔کچھ علاقوں میں ذائقے کو مزید بہتر بنانے کے لیے پودینہ بھی شامل کیا جاتا ہے۔روایتی طور پر یہ آمیزہ پتھر کی سل پر تیار کیا جاتا ہے، جس سے چٹنی کا ذائقہ اور ساخت دونوں منفرد ہو جاتے ہیں۔ساسز ڈریسنگز چٹنیں تیار ہونے والی چٹنی کا ذائقہ عام چٹنیوں سے خاصا مختلف ہوتا ہے۔اس میں کھٹاس کے ساتھ تیزی بھی محسوس ہوتی ہے اور اسے مقامی کھانوں کے علاوہ چاول اور باجرے سے تیار کردہ غذاؤں کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔اڑیسہ میں تیار ہونے والی 'سملی پال کائی چٹنی' کو اس کی منفرد مقامی شناخت کے باعث جغرافیائی شناخت یعنی جی آئی رجسٹریشن بھی حاصل ہے۔اس کا رجسٹریشن سرٹیفکیٹ 2 جنوری 2024 کو جاری کیا گیا تھا۔سرخ چیونٹیوں سے تیار ہونے والی چٹنی صرف اڑیسہ تک محدود نہیں۔بھارت کی دوسری ریاستوں، خصوصاً چھتیس گڑھ میں بھی اسے استعمال کیا جاتا ہے، تاہم وہاں اس کی تیاری کا طریقہ اور ذائقہ مقامی روایات کے مطابق مختلف ہو سکتا ہے۔

ترکیہ: بڑی مقدار میں لوبیا پکانے کا عالمی ریکارڈ

انقرہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ کے شہر کیل کیت نے ایک بڑے پیمانے پر لوبیا پکا کر گینیز ورلڈ ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔مقامی حکام اور منتظمین نے 22 اگست کو تقریباً 1807 گیلن یعنی تقریباً 6840 لیٹر بیکڈ بینز تیار کیے جو تقریباً 15 ہزار کین کے برابر مقدار بنتی ہے۔کیل کیت کی مقامی

خاص سوغات ہے، جو علاقے میں پیدا ہونے والی لوبیا کی ایک معروف قسم سمجھی جاتی ہے۔منتظمین نے گینیز ورلڈ ریکارڈز کو بتایا کہ یہ اعزاز کیل کیت، گمش ہانے اور پورے خطے کے لیے تاریخی کامیابی ہے، جو ان کے زرعی ورثے، مقامی پیداوار اور اجتماعی کوششوں کو عالمی سطح پر متعارف کراتا ہے۔اس کامیابی کے بعد کیل کیت نے دنیا کے سب سے بڑے برتن میں بیکڈ بینز پکانے کا ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔اس سے قبل یہ ریکارڈ 1479.36 گیلن کے ساتھ قائم تھا۔نئے ریکارڈ کے بعد مقامی سطح پر اسے علاقے کی زرعی شناخت اور مقامی پیداوار کے لیے باعثِ فخر قرار دیا جا رہا ہے۔

جرمنی: بیٹی کے سامنے باپ کو ہیرو بنانے کیلئے آرم ریسلر جان بوجھ کر مقابلہ ہار گیا

میونخ (مانیٹرنگ ڈیسک) جرمن آرم ریسلر لیونیڈ اس آرکونا کی ایک دلچسپ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے جس میں انہوں نے اپنی طاقت دکھانے کے بجائے ایک باپ کیلئے مقابلہ یادگار بنا دیا۔ویڈیو میں ایک عام شخص آرکونا سے آرم ریسلنگ کرتا دکھائی دیتا ہے جبکہ اس کی ننھی بیٹی قریب کھڑی پرجوش انداز میں اپنے والد کو دیکھ رہی ہوتی ہے۔آرکونا نے بظاہر جان بوجھ کر مقابلہ ہار کر والد کو بیٹی کے سامنے جیتنے کا موقع دے دیا۔جیت کے بعد خوشی سے نہال والد نے بیٹی کو گلے لگا لیا جبکہ وہاں موجود افراد نے بھی خوب داد دی۔یہ خوبصورت لمحہ سوشل میڈیا صارفین کے دل جیت رہا ہے، جہاں لوگ اسے کھیل کے جذبے اور انسانیت کی خوبصورت مثال قرار دے رہے ہیں۔

فائر فائٹر نے سابقہ محبوبہ سے رقم واپس لینے کے لیے چیٹ جی پی ٹی سے مدد لے لی

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ میں ایک فائر فائٹر نے لاٹری میں دو لاکھ پاؤنڈ جیتنے کے بعد اپنی سابقہ گرل فرینڈ کو دی گئی رقم واپس حاصل کرنے کے لیے چیٹ جی پی ٹی سے قانونی رہنمائی لی اور عدالت میں اپنا مقدمہ خود پیش کر دیا۔40 سالہ کریگ ٹُچر نے نومبر 2019 میں ونٹر ونڈر لائنز لاٹری کے اسکریچ کارڈ پر جیک پاٹ جیتا تھا۔2022 میں انہوں نے اپنی اُس وقت کی گرل فرینڈ، 37 سالہ نفسیاتی نرس ہیدر ڈگلس کو 40 ہزار پاؤنڈ دیے تاکہ وہ اپنی مالی معاملات سے متعلق مہارت استعمال کرتے ہوئے یہ رقم ان کی طرف سے سرمایہ کاری کر سکے۔عدالت کو بتایا گیا کہ دونوں نے رقم پریمیم بانڈز میں لگانے اور اس سے حاصل ہونے والی کسی بھی رقم کو آپس میں تقسیم کرنے پر اتفاق کیا تھا۔تاہم، تعلق ختم ہونے کے بعد ہیدر ڈگلس نے رقم واپس کرنے سے انکار کر دیا۔دو بچوں کے والد اور ہیتھرو فائر فائٹر کریگ ٹچر نے قانونی ماہرین سے بھی رابطہ کیا لیکن ان کے مطابق وکلا نے بہت زیادہ فیس طلب کی۔

کلاؤڈ اے آئی نے انسانی جسم میں ممکنہ طور پر نیا انزائم سسٹم دریافت کر لیا

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) مصنوعی ذہانت کی کمپنی اینتھروپک نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کے اے آئی سسٹم کلاؤڈ نے انسانی جسم میں ڈی این اے کے اندر ایک ایسا انزائم سسٹم دریافت کیا ہے جو پہلے نامعلوم تھا۔اس کو کمپنی نے جینیاتی تحقیق کے لیے انقلابی ٹیکنالوجی CRISPR سے مشابہ قرار دیا ہے۔اینتھروپک کے مطابق یہ دریافت ابھی ابتدائی مرحلے میں ہے اور اس نظام کے حقیقی افعال اور ممکنہ طبی یا حیاتیاتی استعمال کو سمجھنے کے لیے مزید تحقیق کی ضرورت ہے۔کمپنی نے واضح کیا ہے کہ فی الحال یہ کہنا قبل از وقت ہوگا کہ نیا دریافت شدہ نظام CRISPR کی طرح استعمال کیا جا سکتا ہے یا نہیں۔جینیاتی تحقیق اور ڈی این اے میں تبدیلی کے لیے استعمال ہونے والی ایک اہم ٹیکنالوجی ہے جس کی دریافت اور ترقی پر 2020 میں کیمسٹری کا نوبیل انعام دیا گیا تھا۔اس اعلان کے ساتھ اینتھروپک نے پہلی مرتبہ اپنے کیلیفورنیا میں قائم حیاتیاتی تحقیقاتی لیب کے بارے میں بھی عوامی سطح پر بتایا ہے۔

بقیہ 1 تجارت نیوز

حالیہ بحران کے دوران فوری طور پر اقدام کرنے کا فیصلہ کیا اور مشترکہ کوششوں کے ذریعے واشنگٹن اور تہران کو اسلام آباد میں ایک میز پر لایا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات اور اس کے بعد طے پانے والی اسلام آباد مفاہمتی یادداشت تنازع کے خاتمے کی جانب تاریخی اقدامات کی حیثیت رکھتے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی مسلسل اور انتھک کوششوں نے انتہائی مشکل حالات میں سفارت کاری کے لیے گنجائش پیدا کرنے میں مدد دی۔ انہوں نے حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب پر حملوں، بالخصوص مقدس شہر مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوشش پر ڈرون حملے کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کی سلامتی اور تقدس کو لاحق کوئی بھی خطرہ ریڈ لائن ہے جسے کبھی عبور نہیں کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ وزیراعظم نے سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان تاریخی مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کو بھی اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ معاہدہ کسی ملک کے خلاف نہیں بلکہ خطے میں دفاع، استحکام اور امن کے لیے اجتماعی عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ بھارت کا ذکر کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کو ایک سال قبل بھارت کی جانب سے بیرونی جارحیت کا سامنا کرنا پڑا، جسے انہوں نے ایک جھوٹے بہانے کے تحت کی گئی کارروائی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 کے تحت اپنے فطری حقِ دفاع کو استعمال کیا۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

پاکستانی قیادت نے مکہ دفاعی تعاون معاہدے کے تحت ایسے حملوں کا مشترکہ طور پر مقابلہ کرنے کے لیے تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا، ملاقات میں سعودی وزیر مملکت، رکن مجلسِ وزرا اور قومی سلامتی کے مشیر ڈاکٹر مساعد بن محمد العیبان، چیف آف جنرل اسٹاف جنرل فیاض بن حامد الرویلی اور وزیر دفاع کے انٹیلی جنس امور کے مشیر ہشام بن عبدالعزیز بن سیف سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ 3 تجارت نیوز

پر کپاس یا دیگر خام زرعی اجناس برآمد کرنے کے بجائے انہیں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے پراسیس کر کے معیاری، برانڈڈ اور زیادہ قیمت والی مصنوعات کی شکل میں برآمد کیا جائے تو ہر برآمدی ڈالر میں پاکستان کی مقامی ویلیو زیادہ ہوسکتی ہے۔ ذرائع کے مطابق اگر چار سو ارب ڈالر کی برآمدات کا ہدف دس سال میں حاصل کرنا ہو تو پاکستان کو تقریباً چھبیس فیصد سالانہ کی رفتار سے برآمدات بڑھانا ہوں گی۔ جبکہ پندرہ سال کا عرصہ رکھا جائے تو بھی سالانہ تقریباً سولہ اعشاریہ چھ فیصد برآمدی نمو درکار ہوگی۔ یہ ہدف حاصل کرنے کے لیے صرف وزارتِ تجارت کے اقدامات کافی نہیں ہوں گے۔ ٹیکس، توانائی، بندرگاہوں، لاجسٹکس، ٹیرف، سرمایہ کاری، ہنرمند افرادی قوت، ٹیکنالوجی، معیار اور عالمی منڈیوں تک رسائی سمیت کئی شعبوں میں اصلاحات کی ضرورت ہوگی۔ حکومت کی جانب سے بھی حالیہ دنوں میں برآمدات بڑھانے کے لیے ویلیو ایڈیشن، عالمی معیار کی مصنوعات اور برآمدی شعبوں میں تنوع پر زور دیا گیا ہے۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

اضافے کو ایندھن کی بلند قیمتوں سے بھی تقویت ملی جس کے باعث پٹرول کی ایکس ریفائنری قیمت میں سالانہ بنیاد پر 17 فیصد جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 19 فیصد اضافہ ہوا۔ سال کے دوران ریفائنری سرگرمیوں میں بھی بہتری آئی جس کے نتیجے میں پٹرولیم مصنوعات کی مجموعی پیداوار 13.4 فیصد اضافے سے 11.2 ملین ٹن ہوگئی جبکہ مجموعی پیداواری صلاحیت کے استعمال کی شرح مالی سال 2025 کے 48 فیصد سے بڑھ کر 55 فیصد ہوگئی۔ ڈیزل کی پیداوار میں 17.2 فیصد جبکہ پٹرول کی پیداوار میں 12.4 فیصد اضافہ ہوا۔ نتیجتاً پیداوار میں ڈیزل کا حصہ مزید بڑھ گیا اور یہ مجموعی پیداوار کا 50.3 فیصد ہوگیا، جو ایک سال قبل 48.6 فیصد تھا۔ دوسری جانب پیداوار میں فرنس آئل کا حصہ 23.1 فیصد سے کم ہوکر 21.1 فیصد رہ گیا، جبکہ جیٹ فیول کا حصہ 4.4 فیصد سے بڑھ کر 4.9 فیصد ہوگیا۔ ریفائنری مصنوعات کی مجموعی فروخت 8.6 فیصد اضافے سے 10.8 ملین ٹن ہوگئی۔ ڈیزل کی فروخت میں 13.6 فیصد جبکہ پٹرول کی فروخت میں 11 فیصد اضافہ ہوا، تاہم بجلی کے شعبے سے طلب میں کمی کے باعث فرنس آئل کی فروخت 7.8 فیصد کم ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق ریفائننگ مارجنز میں اضافے نے شعبے کے منافع میں نمایاں بہتری میں اہم کردار ادا کیا۔ عرب لائٹ خام تیل کے مقابلے میں ڈیزل کا ریفائننگ مارجن ایک سال قبل 9.7 ڈالر فی بیرل کے مقابلے میں بڑھ کر 29 ڈالر فی بیرل ہوگیا جبکہ پٹرول کا مارجن 2.9 ڈالر فی بیرل سے بڑھ کر 7.4 ڈالر فی بیرل ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق ڈیزل مارجنز میں نمایاں اضافے کی ایک وجہ مارچ 2026 میں امریکا اور ایران کے درمیان تنازع شروع ہونے کے بعد سپلائی میں رکاوٹیں اور خریداری میں مشکلات بھی تھیں۔ کمپنیوں کی سطح پر اٹک ریفائنری لمیٹڈ (اے آر ایل) نے 22.1 ارب روپے کا منافع رپورٹ کیا جو سالانہ بنیاد پر 85 فیصد زیادہ ہے جبکہ کمپنی نے فی حصص 17.50 روپے نقد منافع دینے کا اعلان کیا، پاکستان ریفائنری لمیٹڈ (پی آر ایل) نے 15.8 ارب روپے کا منافع کمایا جبکہ مالی سال 2025 میں اسے 4.7 ارب روپے کا خسارہ ہوا تھا۔ فروخت کے حجم میں 1.7 فیصد کمی کے باوجود ریفائننگ مارجنز میں بہتری کے باعث کمپنی کی آمدنی میں اضافہ ہوا۔ سینرجیکو پی کے بھی دوبارہ منافع بخش ہوگئی اور ایک سال قبل 2.9 ارب روپے کے خسارے کے مقابلے میں 10.8 ارب روپے کا منافع رپورٹ کیا۔ سال کے دوران کمپنی کی پٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں 12.3 فیصد اضافہ ہوا۔ نیشنل ریفائنری لمیٹڈ (این آر ایل) نے 6.2 ارب روپے کا منافع کمایا جبکہ مالی سال 2025 میں اسے 14.9 ارب روپے کا خسارہ ہوا تھا۔ رپورٹ کے مطابق این آر ایل کی آمدنی تقریباً 13.5 ارب روپے کے پالیسی اور اکاؤنٹنگ چارجز سے متاثر ہوئی۔ شعبے کی آمدنی میں بہتری زیادہ تر مالی سال 2026 کی پہلی تین سہ ماہیوں تک محدود رہی جبکہ آخری سہ ماہی میں منافع میں نمایاں کمی آئی۔ شعبے کا مجموعی منافع چوتھی سہ ماہی مالی سال 2026 میں گزشتہ سہ ماہی کے 72.2 ارب روپے کے مقابلے میں کم ہوکر 8.0 ارب روپے رہ گیا۔ ذرائع کے مطابق سہ ماہی مجموعی منافع میں کمی کے باوجود چوتھی سہ ماہی میں شعبے کی آمدنی 27 فیصد اضافے سے 530.8 ارب روپے ہوگئی۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

کردیا ہے۔ ٹویوٹا نے کرولا کراس ہائبرڈ کے دونوں ماڈلز کی قیمتوں میں کمی کردی ہے۔ کرولا کراس ایچ ای وی ایکس کی قیمت پانچ لاکھ ستر ہزار روپے کم ہوکر ستانوے لاکھ انتیس ہزار روپے ہوگئی ہے۔ جبکہ کرولا کراس ایچ ای وی کی قیمت میں پانچ لاکھ پچاس ہزار روپے کی کمی کی گئی ہے، جس کے بعد اس کی قیمت بانوے لاکھ ننانوے ہزار روپے ہوگئی ہے۔ دوسری جانب ہونڈا نے بھی ایچ آر وی ای ہائبرڈ کی قیمت میں دس لاکھ ستر ہزار روپے کی نمایاں کمی کردی ہے۔ ہونڈا ایچ آر وی ای ہائبرڈ کی نئی قیمت بانوے لاکھ ننانوے ہزار روپے مقرر کی گئی ہے تاہم کمپنی کے مطابق یہ قیمت محدود مدت اور محدود اسٹاک کے لیے ہے۔ ہنڈائی کے مختلف ہائبرڈ ماڈلز کی قیمتوں میں بھی کمی سامنے آئی ہے، جن میں ایلینٹرا ہائبرڈ، ٹکسن ہائبرڈ اور سانٹا فے ہائبرڈ شامل ہیں۔ یاد رہے کہ رواں سال جولائی میں ہائبرڈ گاڑیوں پر سیلز ٹیکس پچیس فیصد ہونے کے بعد ان کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا تھا، جس کے باعث کئی خریداروں نے اپنی گاڑیوں کی خریداری مؤخر کردی تھی۔ اب سیلز ٹیکس اٹھارہ فیصد کیے جانے کے بعد گاڑی ساز کمپنیوں کی جانب سے قیمتوں میں کمی کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ انڈسٹری ذرائع کے مطابق ٹیکس میں کمی سے ہائبرڈ گاڑیوں کی فروخت بحال ہونے کی توقع ہے، تاہم نئی آٹو پالیسی اور مستقبل میں ٹیکس سے متعلق فیصلے گاڑیوں کی قیمتوں پر اثرانداز ہوسکتے ہیں۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

کے مطابق وہ مجتبیٰ خامنہ ای سے دو مرتبہ ملاقات کر چکے ہیں، جن میں سے ایک ملاقات سات گھنٹے سے زائد جاری رہی۔ انہوں نے کہا کہ مجتبیٰ خامنہ ای کو فی الحال صحت کا کوئی خاص مسئلہ درپیش نہیں۔ یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مجتبیٰ خامنہ ای کی صحت سے متعلق مختلف قیاس آرائیاں جاری تھیں۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

گیا کہ اسکیم کے تحت 9 ہزار 806 دکاندار رجسٹرڈ ہو چکے ہیں اور ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے کے مختلف مراحل میں ہیں۔ ان میں سے 1,929 پہلی بار ٹیکس نظام میں شامل ہوئے ہیں جبکہ 428 اپنے ریٹرنز جمع کرا چکے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ ریٹرنز جمع کرانے والوں میں چھوٹے اور بڑے دونوں شہروں کے دکاندار شامل ہیں۔ بلال اظہر کیانی نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو اسکیم پر عملدرآمد سے متعلق دکانداروں اور ٹیکس وکلا کے تکنیکی اعتراضات فوری طور پر دور کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ریٹرنز جمع کرانے والے دکانداروں کو جلد از جلد ایف بی آر پلیٹس جاری کرنے کی بھی ہدایت کی۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ آسان ٹیکس اسکیم خصوصی طور پر دکانداروں کے لیے تیار کی گئی منفرد سہولت ہے جو کسی دوسرے کاروباری شعبے کو دستیاب نہیں۔

بقیہ 8 تجارت نیوز

سمیت کنٹینر نمبر کی جانچ، پڑتال کے ساتھ کنٹینرز میں موجود چھالیہ کے نمونے بھی جمع کریں گی، جس کے بعد انہیں تفصیلی معائنے کے لیے انڈونیشیا میں ہی موجود پی ایس آئی لیب بھیجا جائے گا، جس کی جاری کردہ رپورٹ میں افلاٹاکسن کی مقدار 15 پی پی بی سے کم آنے کی صورت میں شپمنٹ کو پاکستان بھیجنے کی اجازت ہوگی تاہم جن 5 کمپنیوں کو اس اہم اور حساس ترین معاملے کی ذمے داری سونپی گئی تھی، ان میں سے بیلیلیک نامی ایک کمپنی ہی پی ایس ڈبلیو میں صرف نام کی حد تک متحرک ہوئی ہے جبکہ دیگر چار کمپنیوں کا تاحال عملی طور پر کوئی وجود ہی نہیں ہے، افسوسناک بات تو یہ ہے کہ پی ایس آئی کی ذمے داری لینے کا دعویٰ کرنے والی بیلیلیک نامی واحد کمپنی کے پاس ملازمین ہی نہیں ہیں اور ان معاملات کی نگرانی کے لیے کسی کو عملی طور پر مقرر نہیں کیا گیا ہے بیلیلیک نامی کمپنی نے ایک آر ایف آئی فارم بنا رکھا ہے، جسے امپورٹر کو دیے جاتے وقت بتایا جاتا ہے کہ اس میں مطلوبہ معلومات درج کر کے واپس جمع کروائے جانے کے بعد ہمارا کوئی نمائندہ آپ کے پاس پہنچ جائے گا اور چھالیہ کے نمونے حاصل کرلے گا، آل پاکستان بیٹل نیٹ مینوفیکچررز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن کے مطابق بیلیلیک نامی کمپنی کے پاس دو سے تین افراد پر مشتمل نہایت مختصر عملہ ہے، جو انڈونیشیا سے ہمراہ آنے والی سینکڑوں کنسائمنٹس کو بروقت اور موثر طریقے سے ہینڈل نہیں کر سکتے ہیں، متعلقہ حکومتی اداروں کی کارکردگی کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ 16 مارچ سے 22 ستمبر تک دیگر 4 کمپنیاں پی ایس آئی کے حوالے سے مکمل طور پر غیر فعال اور لاتعلق ہیں، جس کی وجہ سے ہم وہاں سے چھالیہ امپورٹ نہیں کر پا رہے ہیں، قابل ذکر بات ہے کہ اس نوٹیفکیشن میں واضح کہا گیا تھا کہ اب انڈونیشیا سے پاکستان امپورٹ ہونے والی چھالیہ کے تمام لیب ٹیسٹ صرف انڈونیشیا میں ہی ہوں گے اور حکومت پاکستان کی جانب سے مقرر کردہ مخصوص کمپنیاں انڈونیشیا میں اس سارے عمل کی نگرانی کریں گی جبکہ امپورٹ کی جانے والی چھالیہ میں افلاٹاکسن کی مقدار 15 پی پی بی سے کم ہوگی تو چھالیہ کو کلیئر کردیا جائے گا اور یہ چھالیہ کراچی پہنچنے کے بعد کسی ایگزامن اور لیب ٹیسٹ کے بغیر اسٹیٹ اسسمنٹ اور ڈیوٹی ادا کر کے ریلیز کروائی جا سکے گی تاہم چند روز قبل ڈائریکٹر جنرل ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن سے ایسوسی ایشن کے عہدے داروں اور امپورٹرز کی ملاقات کے دوران بیلیلیک نامی کمپنی کے ذمے داروں کے ساتھ ٹیلیفونک رابطہ کرنے پر انہوں نے ہمیں بتایا کہ اب نئی پالیسی ائی ہے، اس موقع پر ڈی جی ڈی پی پی کا کہنا تھا کہ اس نئی پالیسی کی ہدایت وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف کی جانب سے براہ راست دی گئی ہے، جس کے مطابق اب چھالیہ میں افلاٹاکسن کی مقدار جاننے کے لیے کیا جانے والا لیب ٹیسٹ انڈونیشیا کے بعد کراچی میں بھی دوبارہ کیا جائے گا، جس میں افلاٹاکسن کی مقدار 15 پی پی بی اور واٹر پرسنٹیج 0.7 سے کم ہوئی تو ہی چھالیہ کو ریلیز کیا جائے گا اور اگر ایسا نہ ہوا تو اس مال کو ری ایکسپورٹ یا ضائع کر دیا جائے گا، آل پاکستان بیٹل نیٹ مینوفیکچررز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن کے مطابق جب چھالیہ کے امپورٹرز کو 16 مارچ کے روز کے روز تحریری طور پر آگاہ کیا گیا تھا کہ آئندہ سے چھالیہ میں افلاٹاکسن کی مقدار کو صرف انڈونیشیا میں ہی چیک کیا جائے گا تو ایسا کیوں کیا جا رہا ہے اور ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کے اعلیٰ عہدے داروں کی پالیسی کیا ہے، اس صورتحال کے باعث گزشتہ 8 سے ماہ سے قانونی امپورٹ مکمل طور پر بند ہے، اور ڈی پی پی کے حکام بالا ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت اسمگلروں کی حوالہ افزائی کر رہے ہیں، دوسری جانب گزشتہ دو ماہ کے دوران امپورٹرز مجموعی طور پر ہزاروں ٹن چھالیہ کی خریداری کر چکے ہیں، لیکن وہاں انسپکشن کے لیے ایک بھی پی ایس آئی ٹیم دستیاب نہیں ہے، اس سے قبل امپورٹرز کا سرمایہ پاکستان میں پھنسا ہوا تھا اور اب انہی حالات کا سامنا انڈونیشیا میں بھی کرنا پڑ رہا ہے، قابل ذکر بات ہے کہ قانونی امپورٹ کے لیے عدالتی حکم کے مطابق کراچی میں افلاٹاکسن کی مقدار 30 پی پی بی سے کم ہونے کی صورت میں چھالیہ کو قانونی طور پر کلیئر کر دیا جائے گا لیکن 16 مارچ کے روز بیان کردہ پالیسی کے مطابق پہلے انڈونیشیا میں افلاٹاکسن کی مقدار 15 پی پی بی مقرر کی گئی اور بعدازاں اسے کراچی کے لیے بھی 30 کے بجائے کم کر کے 15 پی پی بی کر دیا گیا ہے جبکہ ہمارے پاس موجود عدالتی حکم میں واضح ہے کہ کراچی کے اندر بھی افلاٹاکسن کی مقدار 30 پی پی بی آنے کی صورت میں بھی وہ انسانی صحت کے لیے قابل استعمال ہے اور اس سے کینسر یا کسی اور بیماری کا کوئی خطرہ نہیں ہے، اس سے قبل یہ بھی کہا گیا تھا کہ آئندہ افلاٹاکسن کی مقدار صرف انڈونیشیا میں چیک کی جائے گی لیکن کئی ماہ بعد اب بتایا جارہا ہے کہ اس حوالے سے کراچی میں بھی 100 فیصد لیب ٹیسٹ کیے جائیں گے، علاوہ ازیں 16 مارچ کے نوٹیفکیشن میں یہ بھی کہا گیا تھا کہ آر ایس ایم ڈس مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے نشاندہی کی صورت میں ہی افلاٹاکسن کی مقدار جاننے کے لیے لیب ٹیسٹ کیا جائے گا لیکن حالیہ احکامات کے مطابق انڈونیشیا سے آنے والے تمام چھالیہ کے تمام کنسائمنٹس میں افلاٹاکسن کی مقدار جاننے کے لیے وہاں اور کراچی یعنی دونوں جگہوں پر لیب ٹیسٹ ہوگا، اب سوال یہ ہے کہ عدالت کی جانب سے کراچی کے لیے پہلے ہی افلاٹاکسن کی مقدار 30 پی پی بی اور واٹر پرسنٹیج 0.7 مقرر کی جا چکی ہے تو اسی پر عمل کروایا جانا چاہیے، اور انڈونیشیا میں یہ مقدار 15 پی پی بی مقرر کر دی گئی ہے تو بھی اسے کراچی میں 30 پی پی بی ہی پر ہی برقرار رکھا جائے، تاکہ فی کنٹینر کروڑوں روپے کی سرمایہ کاری کرنے والے امپورٹرز کو مالی نقصان کا سامنا نہ کرنا پڑے، واضح رہے کہ 23 دسمبر 2025 سے لے کر اب تک افلاٹاکسن کی مقدار چیک کرنے کے لیے روکے گئے کنٹینرز کی مجموعی تعداد 350 سے تجاوز کر چکی ہے، جن میں ایسے کنٹینرز بھی شامل ہیں، جن کا لیب ٹیسٹ پراسس مکمل ہو چکا ہے، آل پاکستان بیٹل نیٹ مینوفیکچررز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن کے مطابق اس کھلی بے انصافی کے باوجود اربوں روپے کا سرمایہ پھنس جانے سے شدید پریشان امپورٹرز کو ہی حراساں کیا جارہا ہے کہ ان کا گزشتہ کئی ماہ سے بلاجواز روکا گیا مال ضائع کر دیا جائے گا، قوانین کے مطابق ایسے مال کو صرف ری ایکسپورٹ ہی کیا جا سکتا ہے، جسے کسی بھی صورت میں ضائع نہیں کیا جاسکتا ہے، آل پاکستان بیٹل نیٹ مینوفیکچررز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن کے مطابق ڈپارٹمنٹ اف پلانٹ پروٹیکشن کے موجودہ ڈی جی یاسین مرتضیٰ نے اپنی تعیناتی کے فوری بعد ہی ملک دشمن اقدامات کا آغاز کر دیا تھا، اس منظم سازش کے تحت ایسے ایسے خودساختہ اور من مانے فیصلے کیے گئے کہ گزشتہ چند ماہ کے دوران پاکستان میں چھالیہ کو قانونی طریقے سے امپورٹ کرنا ممکن ہی نہیں رہا، کیونکہ حکومتی اداروں میں موجود بدعنوان افسران کی مسلط کردہ نت نئی پالیسیوں کی آڑ میں امپورٹرز کو چھالیہ امپورٹ کرنے ہی نہیں دی جارہی ہے اور یہ مکمل طور پر ختم ہو گئی ہے اور اس کا مقصد قومی خزانے کو ہر برس کھربوں روپے کا نقصان پہنچانے والے چھالیہ کے اسمگلروں سرپرستی فراہم کر کے اسمگلنگ کو مزید عروج دینا ہے، یہی وجہ ہے کہ 16 مارچ 2026 کو جاری کردہ نوٹیفکیشن کے عین برعکس ایک بار پھر کراچی میں افلاٹاکسن کے دوبارہ ٹیسٹ کروائے جانے کا حکم جاری کر دیا گیا اور عدالتی احکامات کو یکسر نظرانداز کرتے ہوئے کراچی میں افلاٹاکسن کی مقدار 15 پی پی بی مقرر کردی گئی ہے، آل پاکستان بیٹل نیٹ مینوفیکچررز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن کے مطابق ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کے حکام بالا کی ہر ممکن کوشش ہے کہ چھالیہ کی قانونی امپورٹ کے ذریعے قومی خزانے کو ہر ماہ ملنے والے 8 سو اور سالانہ 9 ہزار 6 سو کروڑ روپے خطیر رقم بند ہو جائے اور یہ پوری صنعت اسمگلنگ کی چھالیہ کے بغیر چلائی نہ جا سکے، ایسوسی ایشن کے عہدوں داروں نے ڈی جی ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن یاسین مرتضیٰ سے مؤدبانہ درخواست کی ہے کہ خدارا پاکستان اور اس کے اداروں کے بارے میں سوچیں، اور ایسی من مانی اور معیشت دشمن پالیسیاں نافذ نہ کریں، جن سے ملکی سالمیت خطرے میں پڑ جائے اگر انھیں ایسوسی کے ذمے داران سے کوئی شکایات ہیں تو وہ ان کا ازالہ کرنے کے لیے تیار ہیں، سب سے اہم بات تو یہ ہے کہ 16 مارچ کو جاری کیے جانے والے نوٹیفکیشن میں صرف دو لیبوں ایچ ای جے کراچی اور پی ڈی ایس ایف لاہور کو ہی افلاٹاکسن کی مقدار جانچنے کا اختیار دیا گیا ہے، جس میں سے کراچی میں واقع ایچ ای جے نامی لیب اس حوالے سے نہایت منفی شہرت رکھتے ہے اور متعدد امپورٹرز نے اس کے مختلف فورمز پر شکایات درج کروا رکھی ہیں، جبکہ پی ایس ڈی ایف لیب لاہور افلاٹاکسن کی مقدار چیک کرنے سے انکار کر رہا ہے، ان چشم کشا حقائق کے باوجود قانونی امپورٹرز کو ایک بار پھر کراچی میں واقع ایچ ای جے نامی لیب کے ذریعے یرغمال بنایا جا رہا ہے، تاکہ منگوائے جانے والے چھالیہ کے سینکڑوں کنسائمنٹس کو مختلف حیلوں، بہانوں سے کئی کئی ماہ تک روکا جا سکے، اور ان نے ڈیمرجز اور ڈیٹنشن کی مد میں مزید کروڑوں روپے اضافی وصول کیے جانے کے ساتھ اتنی ذہنی اذیت بھی دی جائے کے وہ قانونی امپورٹ سے توبہ کرلیں اور اس پوری صنعت پر چھالیہ کے اسمگلر مکمل طور پر قابض ہوجائیں۔

آل پاکستان بیٹل نٹ مینوفیکچررز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن، جنرل سیکرٹری اقبال بھائی
03125555745
apbmia.com
info@apbmia.com،

بقیہ 9 تجارت نیوز

اسٹیل ملز کو مجموعی طور پر 79ـ3 ارب کا نقصان ہوا۔ اس عرصے میں تقریباً 57ـ4 ارب روپے قرضوں پر سود کی ادائیگی میں صرف ہوئے۔ گزشتہ مالی سال میں سود کی مجموعی ادائیگی 17ـ7 ارب روپے رہی، جو اس سے پچھلے سال کے مقابلے میں تقریباً 1ـ3 ارب روپے کم ہے۔ کم شرح سود کو اس کمی کی بنیادی وجہ قرار دیا گیا۔ مجموعی سود میں 11ـ8 ارب روپے حکومتی قرضے، جبکہ 5ـ2 ارب روپے کمرشل بینکوں کے قرضوں پر ادا کیے گئے۔ وزارتِ خزانہ کے سینٹرل مانیٹرنگ یونٹ کے مطابق مالی سال 2024-25 تک اسٹیل ملز پر 108 ارب کا کیش ڈیولپمنٹ لون واجب الادا تھا، جس پر تقریباً 11ـ5 ارب روپے سالانہ سود عائد کیا جا رہا تھا۔ اس کے علاوہ مل پر 40 ارب روپے سے زائد بینک قرضے بھی تھے، جن میں بڑی رقم نیشنل بینک کی تھی۔ رپورٹ کے مطابق قرضوں کو ایکویٹی میں تبدیل کرنے اور باہمی مذاکرات کے ذریعے قرضوں میں کمی جیسے اقدامات ضروری تھے، تاکہ ممکنہ اسٹریٹجک سرمایہ کاری کی راہ میں حائل بھاری واجبات کم کیے جاسکیں تاہم تجاویز پر عمل درا؟ مدنہیں کیا گیا۔ حکومت کو یہ بھی تجویز دی گئی کہ اسٹیل ملز کے قرضوں اور واجبات کو ایک الگ ہولڈ کمپنی میں منتقل کر کے قرضوں کی صفائی کا عمل شروع کیا جائے۔ ذرائع کے مطابق مل کے غیر فعال ہونے کے باوجود قرضوں پر سود مسلسل بڑھ رہا ہے، جس سے یہ ادارہ حکومت کیلیے مستقل مالی بوجھ بن چکا ہے۔ سینٹرل مانیٹرنگ یونٹ نے اسٹیل ملز کو طویل عرصے سے غیر فعال، ٹیکنالوجی کے اعتبار سے فرسودہ اور پیداوار کے لحاظ سے غیر مسابقتی قرار دیتے ہوئے کہا کہ جدید کاری اور پیداواری صلاحیت نہ ہونے کے باعث مل نے مقامی مارکیٹ میں اپنا حصہ تقریباً مکمل کھو دیا ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ تین مالی سال میں بند اسٹیل ملز کے ملازمین کی تنخواہوں کی مد میں 3ـ9 ارب ادا کیے گئے تاہم مالی سال 2025-26 میں تنخواہوں کے اخراجات گزشتہ سال کے مقابلے میں تقریباً 50 فیصد کم رہے۔ اسی طرح گزشتہ 3 سال کے دوران بند صنعتی یونٹ کے ایندھن، بجلی، پانی اور گیس کے اخراجات پر مجموعی طور پر 9ـ1 ارب روپے خرچ ہوئے۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے دوران یہ سفارتی اقدام پیش کیا اور کہا کہ یہ تجویز قطری ثالثوں کے ذریعے امریکی حکام تک پہنچا دی گئی ہے۔ ایران کے مطابق اس تجویز کے تحت اس اہم آبی گزرگاہ کو دوبارہ کھولا جاسکتا ہے اور سات روز کے اندر خطے میں جاری کشیدگی اور لڑائی کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔ ایرانی حکام نے آبنائے ہرمز کے معاملے پر اپنے سعودی حریفوں سے بھی رابطہ کیا جس سے 7 ماہ سے جاری اس تنازع کی اہمیت مزید اجاگر ہوتی ہے۔ اس تنازع نے دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں سے ایک کے ذریعے تیل کی ترسیل متاثر کی ہے اور عالمی معیشت کو بھی نقصان پہنچایا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے جمعہ کو اقوام متحدہ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس معاہدے کے نتیجے میں آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے اور خطے میں جاری لڑائی روکنے کے لیے سات روز کی مدت شروع ہوجائے گی، عراقچی نے کہا کہ اگر امریکا کی جانب سے معاہدہ کرنے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جاتا ہے تو اب ہر چیز تیار ہے، عراقچی نے کہا کہ اگر امریکا رضامند ہوجائے تو متحارب فریق باہمی طور پر طے شدہ امور پر وسیع تر مذاکرات شروع کرسکتے ہیں۔ اس میں ممکنہ طور پر ایران کے جوہری پروگرام پر بھی بات چیت شامل ہوسکتی ہے۔ ٹرمپ نے عہد کر رکھا ہے کہ تہران کبھی جوہری بم حاصل نہیں کرے گا جبکہ ایران کے ایک سینئر عہدیدار نے خبر رساں ادارے کو بتایا کہ اگر امریکا اس کے امن معاہدے کو قبول بھی کر لے تو ایران اپنے جوہری پروگرام کے معاملے پر کسی قسم کی لچک کا مظاہرہ نہیں کرے گا۔ ایرانی عہدیدار نے کہا کہ ایران اپنے حقوق، جن میں یورینیم کی افزودگی یا اپنے انتہائی افزودہ یورینیم کو ملک سے باہر منتقل کرنا بھی شامل ہے پر کوئی رعایت نہیں دے گا۔ اس کے باوجود ایران نے ایسا منصوبہ پیش کیا جس کے تحت لبنان سمیت تمام محاذوں پر جاری لڑائی روکی جاسکے گی۔ عراقچی نے کہا کہ اس منصوبے کے بدلے امریکا کو ایرانی بندرگاہوں کی ناکہ بندی ختم کرنا، ایران کے منجمد اثاثے جاری کرنا اور اس پر عائد تیل کی پابندیوں سے دستبردار ہونا ہوگا۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

کر دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس سے خطاب میں کہا کہ بھارت نے من گھڑت بہانے کے تحت جارحیت کی جس پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جرات مندانہ قیادت میں بہادر پاک فوج نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاک فوج نے مہارت اور پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ دشمن کو ایسا سبق سکھایا جسے وہ کبھی نہیں بھولے گا۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

نیشنل فیس لیس سینٹر کے قیام کی منظوری دی ہے۔ نئے نظام کے تحت اگر کسی ٹیکس دہندہ کا گوشوارہ آڈٹ کے لیے منتخب ہوتا ہے تو کیس کا انتخاب کسی افسر کے بجائے کمپیوٹرائزڈ، رسک پر مبنی نظام کرے گا، جس کے بعد کیس خودکار طریقے سے ملک میں کہیں بھی موجود کسی افسر کو تفویض کر دیا جائے گا۔ نئے نظام میں ٹیکس دہندہ کو معلوم نہیں ہوگا کہ اس کا کیس کس افسر کے پاس ہے، جبکہ افسر کو بھی یہ اختیار حاصل نہیں ہوگا کہ کون سا کیس اس کے پاس آئے۔ ہر کیس تین الگ الگ مراحل سے گزرے گا، ایک افسر آڈٹ کرے گا، دوسرا اسسمنٹ کرے گا جبکہ تیسرا افسر کسی بھی فیصلے کے اجرا سے پہلے کام کے معیار کا جائزہ لے گا۔ کسی ایک افسر کو شروع سے آخر تک ٹیکس دہندہ کے کیس پر اختیار حاصل نہیں ہوگا۔ تمام نوٹس، جوابات اور سماعتیں ایف بی آر کے آئی آر آئی ایس نظام کے ذریعے الیکٹرانک طور پر ہوں گی۔ جہاں قانون کے تحت موقع پر تصدیق یا ٹیکس وصولی ضروری ہوگی، وہ کام علیحدہ فیلڈ ٹیم انجام دے گی۔ نیشنل فیس لیس سینٹر کو قانونی اختیار فنانس ایکٹ 2026 سے حاصل ہے، جس کی سربراہی چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو کرے گا۔ سینٹر میں فیس لیس آڈٹ، فیس لیس اسسمنٹ، کوالٹی کنٹرول اور فیلڈ آپریشنز کے لیے علیحدہ شعبے ہوں گے، جبکہ اس کے نفاذ کی نگرانی کے لیے پروگرام مینجمنٹ یونٹ پہلے ہی قائم کیا جاچکا ہے۔ ایف بی آر کے مطابق اس اقدام کا مقصد ہر ٹیکس دہندہ کے لیے یکساں قواعد، ڈیٹا کی بنیاد پر فیصلے اور ٹیکس افسر سے براہ راست رابطے کا خاتمہ ہے۔ ایف بی آر نے توقع ظاہر کی ہے کہ نیشنل فیس لیس سینٹر ملک بھر کے ٹیکس دہندگان کے لیے ٹیکس کارروائی کو تیز تر، منصفانہ اور شفاف بنائے گا۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

ذریعے آن لائن ایڈوائس یا پیشگی اطلاع کی صورت میں کی جاسکے گی، تاکہ کسی قانونی یا تعزیری کارروائی سے قبل متعلقہ شخص وضاحت پیش، غلطیوں کی اصلاح یا دیگر ضروری تدارک کر سکے۔ ایف بی آر نے سیلز ٹیکس رولز 2006 میں مزید ترامیم کرتے ہوئے سیلز ٹیکس ریٹرنز اور دستیاب دیگر ڈیٹا کی کمپیوٹرائزڈ نظام کے ذریعے خودکار جانچ پڑتال، تجزیے اور کراس میچنگ کا طریقہ کار وضع کر دیا ہے۔ ترامیمی قواعد کے مطابق متعلقہ افسران لینڈ ریونیو بھی نظام کے ذریعے پیدا ہونے والی پیشگی اطلاع رجسٹرڈ شخص کو ارسال کر سکے گا۔ اطلاع میں جواب دینے کے لیے مقررہ مدت واضح کی جائے گی جو 7 دن سے کم نہیں ہوگی۔ مقررہ مدت میں جواب موصول نہ ہونے کی صورت میں رجسٹرڈ شخص کو کم از کم مزید 7 دن کی مہلت کے ساتھ ریمائنڈر بھجوایا جائے گا۔ کمپیوٹرائزڈ نظام کے ذریعے سامنے آنے والے مسائل یا تضادات، رجسٹرڈ شخص کو بھیجی گئی اطلاعات اور موصول ہونے والے جوابات کا ریکارڈ متعلقہ دائرہ اختیار رکھنے والے افسران لینڈ ریونیو کے ساتھ شیئر کیا جائے گا۔ ایف بی آر کے مطابق رجسٹرڈ افراد کو بھیجی گئی اطلاعات، موصولہ جوابات اور ان پر کیے گئے اقدامات کا ریکارڈ نظام کے تحت تیار کردہ ڈیش بورڈ میں محفوظ کیا جائے گا۔ سیلز ٹیکس ریٹرنز اور دیگر دستیاب ڈیٹا کی خودکار جانچ پڑتال، تجزیے اور کراس میچنگ، نظام کی جانب سے نشاندہی کیے گئے مسائل اور رجسٹرڈ افراد کے ساتھ الیکٹرانک رابطے کا مذکورہ طریقہ کار کمپیوٹرائزڈ نظام کے ہموار اور مؤثر نفاذ کے لیے چینج ریکوئسٹ فارم (سی آر ایف) کے ذریعے نافذ کیا جائے گا۔ متعلقہ افسران لینڈ ریونیو رجسٹرڈ شخص کے جواب کا جائزہ لے گا اور ضرورت پڑنے پر سیلز ٹیکس ایکٹ اور اس کے تحت بنائے گئے قواعد کی متعلقہ دفعات کے مطابق کارروائی کرے گا۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

ہر سال مجموعی طور پر 16 ارب روپے کے نقد انعامات دیے جائیں گے۔ اسکیم کے تمام اخراجات بینکاری صنعت برداشت کرے گی اور قومی خزانے پر اس کا کوئی بوجھ نہیں پڑے گا، اسٹیٹ بینک کی سرپرستی میں تشکیل دی گئی اس اسکیم کا مقصد بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کو اس بات کی مزید ترغیب دینا ہے کہ وہ ترسیلات کی رقم اپنے پیاروں کو پاکستان میں بھجواتے وقت بینکاری کے باضابطہ ذرائع استعمال کریں۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر جمیل احمد نے کہا کہ اسٹیٹ بینک اور حکومت پچھلے چند ماہ سے پی بی اے کے ساتھ مل کر اس اسکیم کی تیاری پر کام کر رہے تھے۔ یہ اسکیم خود انحصاری کے تحت مارکیٹ کی بنیاد پر کام کرے گی تاکہ بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کو اپنی ترسیلات بینکاری کے باضابطہ ذرائع سے وطن بھجوانے میں آسانی فراہم کی جائے، انہیں ترغیب دی جائے اور اس طرح ترسیلات حاصل کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ کارکنوں کی ترسیلات پاکستان کے طول وعرض میں مقیم لاکھوں خاندانوں کے لیے آمدنی کا بنیادی ذریعہ ہیں۔ ان ہی ترسیلات سے ان کے گھریلو اخراجات پورے ہوتے ہیں، تعلیم اور صحت کی سہولت حاصل ہوتی ہے، اور سرمایہ کاری اور اقتصادی مواقع کے لیے وسائل مہیا ہوتے ہیں۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے ملک کے بیرونی کھاتے میں آنے والے استحکام کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ بیرونی کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ مالی سال 22ء میں ناپائیدار سطح تک پہنچ گیا تھا اور اس کی وجہ سے زرمبادلہ ذخائر تیزی سے کم ہوگئے تھے، اس خسارے کو اب قابلِ انتظام سطح تک لایا گیا، جس سے زرمبادلہ ذخائر کو مسلسل بڑھانے میں مدد ملی ہے۔ اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ ذخائر جو فروری 2023ء میں گر کر 3.0 ارب ڈالر رہ گئے تھے، اب 21.4 ارب ڈالر ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ زرمبادلہ ذخائر کی مسلسل مضبوطی کا سبب ماضی کے برعکس بیرونی قرض اکٹھا کرنے کے بجائے مارکیٹ سے زرمبادلہ کی خریداری ہے۔ گورنر نے بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کی خدمات کو سراہا اور کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی غیر معمولی کارکردگی کو اجاگر کیا جو مالی سال 26ء میں 41.6 ارب ڈالر ریکارڈ سطح پر پہنچ گئیں، جبکہ مالی سال 19ء میں یہ 21.7 ارب ڈالر تھیں، اس مدت میں یہ تقریباً دگنے اضافے کو ظاہر کرتی ہیں۔ گورنر جمیل احمد نے زور دیا کہ یہ اعداد وشمار اہم اظہاریوں میں صرف بہتری کو ظاہر نہیں کرتے، بلکہ یہ نہایت مشکلوں سے حاصل کیے گئے استحکام اور استقامت کے بھی عکاس ہیں، جس سے تیزی اور مندی کے چکروں کو ختم کرنے میں مدد مل سکتی ہے اور یہ پاکستانی معیشت کو نمو کی پائیدار راہ پر گامزن کرسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور اسٹیٹ بینک نے یہ تبدیلی لانے کے لیے متعدد پالیسی اور اصلاحاتی اقدامات کیے ہیں، برآمدات کے فروغ کے لیے حکومت نے رواں سال کے بجٹ میں ٹیکس ترغیبات دی ہیں، جبکہ اسٹیٹ بینک نے اسٹیک ہولڈرز کے اشتراک سے برہدف طویل مدتی فنانسنگ اور کارکردگی پر مبنی ری بیٹ اسکیمیں بنائیں۔ روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ (آر ڈی اے) کے دائرے میں بھی توسیع کی گئی ہے تاکہ بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کے علاوہ بیرونی سرمایہ کاروں اور ظاہر شدہ بیرونی اثاثوں کے حامل پاکستانی باشندوں کو آر ڈی اے کے ذرائع سے سرمایہ کاری کا موقع مل سکے۔ اسٹیٹ بینک نے رسائی بڑھانے کے ضمن میں بھی اقدامات کیے ہیں، حال ہی میں برطانیہ میں ایک آگاہی سیشن کا انعقاد بھی اس میں شامل ہے۔ مزید برآں، آئی ٹی کمپنیوں اور فری لانسروں کو فارن کرنسی اکاؤنٹس کھولنے اور ان اکاؤنٹس میں برآمدی آمدنی برقرار رکھنے میں سہولت دی گئی ہے۔ گورنر نے مزید کہا کہ حکومت گذشتہ برسوں کے دوران ترسیلات زر ملک میں بھجوانے کے لیے باضابطہ ذرائع کے استعمال کی حوصلہ افزائی کی اسکیمیں متعارف کرا چکی ہے۔ ان اسکیموں سے مارکیٹ کی تشکیل، مزید مالی اداروں کو ایکو سسٹم میں لانے، پاکستان کی ملکی اور عالمی رسائی میں توسیع اور ترسیلات زر کے بڑھتے ہوئے حجم کو پروسیس کرنے کے لیے درکار انفراسٹرکچر مضبوط بنانے میں مدد ملی۔ مارکیٹ کی تشکیل اور ان اسکیموں کی لاگت بڑھنے کے باعث حکومت اور اسٹیٹ بینک نے بینکاری صنعت کے قریبی اشتراک سے ایک زیادہ پائیدار، مارکیٹ پر مبنی ماڈل کی منصوبہ بندی اور اس پر بتدریج منتقلی انجام دی۔ جمیل احمد نے ترسیلات زر کے باضابطہ ذرائع کو تقویت دینے میں بینکاری کی صنعت کے مسلسل تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاسبان کو متعارف کرانا بھی اس منتقلی کی سمت ایک اور قدم ہے۔ انہوں نے بیرونِ ملک پاکستانیوں کے پاکستانی معیشت میں اہم کردار کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام باضابطہ ذرائع کی کشش کو برقرار رکھنے میں مدد دے گا۔ گورنر نے اسکیم کی تشکیل اور اس کا آغاز کرنے پر پاکستان بینکس ایسوسی ایشن اور بینکنگ انڈسٹری کی شراکت داری کو بھی سراہا۔ شرکا کو اسکیم پر بریفنگ دیتے ہوئے، پی بی اے کے سی ای او اور سیکرٹری جنرل، منیر کمال، نے کہا کہ پاسبان اسکیم اسٹیٹ بینک، حکومت اور بینکاری صنعت کی جانب سے بیرونی شعبے کو سہارا دینے کے لیے مربوط اقدامات کی تازہ ترین کوشش ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مذکورہ اسکیم کو بینکوں نے ارسال کنندہ (remitter) کے بینک کی بنیاد پر تشکیل دیا ہے اور ترسیلاتِ زر کی وصولی کو مفت بنانے کے لیے بینکاری صنعت نے جولائی 2026ء سے پورے سال کی جو رقم خرچ کرنی ہے وہ تقریباً 100 ارب روپے تک پہنچ چکی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سال بینکوں نے نئے قرضوں اور اجرائے ثانی کے لیے برآمدی نو مالکاری سہولت (ای آر ایف) مارک اپ کو رضا کارانہ طور پر 3.0 پوائنٹس کم کر کے 4.50 فیصد کر دیا، جو 1,052 ارب روپے کے ای آر ایف کی حد میں ہے۔ اس سے حکومت کی برآمدات کے ذریعے اقتصادی ترقی کے ایجنڈے، اور اس کے ساتھ ایس ایم ای شعبے کی برآمدات کو فروغ دینے کے لیے بینکوں کے برآمدی اور درآمدی قرضوں کو بھی تقویت ملے گی۔ منیر کمال نے شرکا کو اسکیم کی اہم خصوصیات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ترسیلاتِ زر وصول کرنے والا جو کسی ایک سہ ماہی میں لگاتار تین ماہ اپنے بینک اکاو؟نٹ میں ماہانہ 100 یا زائد ڈالر وصول کرے، وہ اسکیم میں شرکت کا اہل ہوگا۔ 100 ڈالر کے مساوی ترسیلاتِ زر کے وصول کنندہ کو ایک ڈیجیٹل، (ناقابلِ منتقلی) انٹری نمبر (ٹکٹ) جاری کیا جائے گا، بشرطیکہ اسے لگاتار تین ماہ تک ترسیلات زر کا مذکورہ حجم موصول ہو۔ مثال کے طور پر، اگر وصول کنندہ کو لگاتار تین مہینے تک ہر ماہ 100 ڈالر کے مساوی رقم وصول ہوتی ہے، تو اسے سہ ماہی کے تین انٹری نمبر ملیں گے۔ بڑی مالیت کی ترسیلاتِ زر وصول کرنے والے کو وصول شدہ رقم کے تناسب سے اضافی انٹری نمبر ملیں گے۔ مثال کے طور پر، اگر وصول کنندہ اکتوبر میں 100 ڈالر، نومبر میں 200 ڈالر، اور دسمبر میں 300 ڈالر وصول کرتا ہے، تو اسے بالترتیب 1، 2 اور 3 انٹری نمبر ملیں گے، یوں سہ ماہی کے دوران اس کے پاس چھ انٹریز جمع ہوجائیں گی۔ ہر سہ ماہی میں مجموعی طور پر 2,521 نقد انعامات دیے جائیں گے، جن کی کل مالیت 4 ارب روپے ہوگی، جبکہ پہلا انعام 10 کروڑ روپے کا ایک انعام۔ دوسرا انعام 2.5 کروڑ روپے کے 20 انعامات۔ تیسرا انعام، ایک کروڑ روپے کے 100 انعامات۔ چوتھا انعام، 10 لاکھ روپے کے 2,400 انعامات شامل ہیں، اس اسکیم کے تحت سالانہ 16 ارب روپے کے انعامات 10,000 سے زائد خوش نصیبوں میں تقسیم کیے جائیں گیا انعامات کی وسیع تر تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے انعامات زائد ترسیلاتِ زر والے خطوں میں مختص کیے جائیں گے، جن میں 50 فیصد خلیج تعاون کونسل (جی سی سی)، 15 فیصد برطانیہ، 15 فیصد یورپ، 10 فیصد شمالی امریکہ اور 10 فیصد دیگر ممالک کے لیے ہوں گے۔ پہلا انعام تمام خطوں سے ترسیلاتِ زر وصول کرنے والوں کے لیے دستیاب ہوگا۔ قرعہ اندازی سہ ماہی ہوگی، پہلی قرعہ اندازی 15 جنوری 2027ء کو ہوگی، جس میں مالی سال 26ء کی دوسری سہ ماہی، یعنی یکم اکتوبر 2026ء سے 31 دسمبر 2026ء کے دوران موصولہ قابلِ قبول ترسیلات شامل ہوں گی۔ قرعہ اندازی ایک محفوظ، مکمل طور پر ڈیجیٹل اور قابلِ محاسبہ (auditable) طریقہ کار کے ذریعے کی جائے گی۔ اس اسکیم میں شرکت مکمل طور پر مفت ہے۔ کوئی بینک ترسیلات وصول کنندگان سے اسکیم میں شرکت کی کوئی فیس نہیں لے گا اور نہ ہی کسی ادائیگی، ٹکٹ کی خریداری، کم از کم بیلنس یا کسی دیگر عوض کا تقاضا کرے گا۔ اس حوالے سے چیئرمین پی بی اے، ظفر مسعود نے کہا: "پاکستان کے بینکوں نے مسلسل اپنا کردار ادا کرتے ہوئے ترسیلاتِ زر بھیجنے والوں کے لیے 80 ارب روپے کی مراعات کی ذمہ داری سنبھالی، برآمد کنندگان کے لیے ایکسپورٹ ری فنانس شرحوں میں کمی کی، نجی شعبے، زرعی شعبے اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کو قرضوں کی فراہمی ریکارڈ سطح پر پہنچائی اور گردشی قرضے کے حل میں معاونت کی۔ بیرونِ ملک مقیم پاکستانی بھی اس داستان کا اتنا ہی اہم حصہ ہیں، اسٹیٹ بینک اور حکومت کے اشتراک سے شروع کی جانے والی پاسبان اسکیم ان کے کردار کا اعتراف کرتی ہے۔

بقیہ 15 تجارت نیوز

کی ضرورت ہے۔ ای سی او ممالک کے مابین تجارت کا حجم موجودہ علاقائی تجارت کا محض 8 فیصد ہے، جسے بڑھانا مشترکہ ہدف ہونا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 50 کروڑ آبادی پر مشتمل اس خطے کی ترقی کے لیے اجتماعی کوششیں درکار ہیں۔ پاکستان خطے میں امن اور تنازعات کے پرامن حل کے لیے بین الاقوامی قوانین کا پابند ہے۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

کے بنیادی فائدہ اٹھانے والے کسان ہوں گے، کیونکہ انہیں اپنی پیداوار کے لیے عالمی منڈی سے منسلک قیمتوں تک زیادہ رسائی حاصل ہوگی، ایسوسی ایشن نے خبردار کیا کہ اگر شعبہ موجودہ ریگولیٹری فریم ورک کے تحت ہی کام کرتا رہا تو کاشتکار بتدریج گنے کی کاشت سے دستبردار ہوسکتے ہیں جس کے نتیجے میں ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے پاکستان کو چینی درآمد کرنے پر بھاری زرمبادلہ خرچ کرنا پڑسکتا ہے۔

بقیہ 17 تجارت نیوز

ہے کہ بھتہ لیوی ختم، آئی پی پیز مافیا سے نجات دلائی جائے، روٹی 10 روپے کی جائے۔ اگر حکومت پالیسی ریٹ میں 3 فیصد کمی کردے تو اس کے نتیجے میں تقریباً 1700 ارب روپے کا فائدہ ہوسکتا ہے اور عوام کو پیٹرولیم لیوی جیسے بھتہ ٹیکس سے نجات دلانے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیپرا کے تشکیل کردہ ٹریبونل کے فیصلے کے نتیجے میں کے الیکٹرک کی بنیادی ٹیرف میں 7 روپے 60 پیسے کا فرق واقع ہوا ہے جس سے حکومت کو 200 ارب روپے کا فائدہ ہوگا۔

بقیہ 18 تجارت نیوز

ممالک کی کاروباری برادریوں کے درمیان مزید تعاون کے لیے سازگار مواقع کی نشاندہی کا موقع ملا۔ مذاکرات میں ٹیکسٹائل، زراعت، انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی، فارماسیوٹیکلز اور اسپیشل اکنامک زونز (ایس ای زیڈز) میں سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لیا گیا جس سے تجارتی روابط اور سرمایہ کاری شراکت داری بڑھانے کے امکانات اجاگر ہوئے۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

گاڑیاں پکڑ کر اسلام آباد منتقل کی گئی ہیں اور ان کے کنٹینرز بھی اتارے جا رہے ہیں، جبکہ مختلف شہروں میں پکڑی گئی گاڑیوں کی مجموعی تعداد 2500 سے تجاوز کر چکی ہے۔ محمد اویس چوہدری ایڈووکیٹ کے مطابق دو ہفتوں سے زائد عرصے سے حکومت سے مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ لوڈ گاڑیاں فوری طور پر ریلیز کی جائیں اور خالی گاڑیوں کے مالکان کو مناسب معاوضہ دیا جائے۔

بقیہ 20 تجارت نیوز

جب امریکا اور سعودی عرب کے درمیان سول جوہری تعاون کا معاہدہ موجود ہے۔ اس معاہدے کے تحت سعودی عرب کو امریکی ٹیکنالوجی کے ذریعے جوہری ری ایکٹرز بنانے اور یورینیم افزودگی کی اجازت سے متعلق راستہ دیا گیا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کا مؤقف ہے کہ واشنگٹن سعودی جوہری ہتھیاروں کے پروگرام کی حمایت نہیں کرتا اور نہ کرے گا۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

گشت کے دوران پاک بحریہ کے جہازوں نے ایک مشکوک کشتی کو روکا اور تلاشی کے دوران اس کے خفیہ خانوں سے منشیات برآمد کیں۔ چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے افسران اور عملے کی پیشہ ورانہ مہارت اور مستعدی کو سراہا اور سمندری تحفظ نیز سمندر کے راستے غیر قانونی اسمگلنگ کے خاتمے کے لیے پاک بحریہ کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 22 تجارت نیوز

مصروف ہے۔ ذرائع کے مطابق پی آئی اے کو پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی کی جانب سے جرمانے کا حکم نامہ جاری کر دیا گیا ہے۔ اتھارٹی کی جانب سے پروازوں کی آمد کے بعد مسافروں کو سامان کی تاخیر سے ترسیل پر جرمانہ عائد کیا گیا۔ پی آئی اے کو 25 ستمبر تک مکمل جرمانہ ادا کرنے کا حتمی حکم دیا گیا، تاہم وہ وارننگ کے باوجود جرمانہ ادا کرنے میں ناکام رہی۔ مسافروں کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے بھی پی آئی اے کو متعدد بار انتباہ کیا جا چکا ہے، مگر آپریشنل بے ضابطگیوں اور گراؤنڈ ہینڈ لنگ میں تاخیر کے باعث اسے جرمانوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

پرپز ایکویزیشن کمپنیز (ایس پی اے سیز) کی ایک سیریز شروع کرنے کے لیے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ کمپنی نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) کو جاری کردہ متعدد نوٹسز میں اس پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اسٹاک ایکسچینج کو جاری کردہ نوٹس میں ٹی ایس بی ایل نے کہا کہ وہ پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی (پی وی اے آر اے) سے تحویل، ایکسچینج اور ورچوئل اثاثوں کی منتقلی وتصفیے کی خدمات کے لیے لائسنس حاصل کرنے کی درخواست دینے کا ارادہ رکھتی ہے۔

بقیہ 24 تجارت نیوز

دہشت گردوں کی نام، پتے وخاندانی تفصیلات کے ساتھ شناخت ہو چکی ہے، غیر شناخت شدہ اور فعال دہشت گرد اس اعداد وشمار میں شامل نہیں ہے، ہلاک افغان دہشت گردوں کے جنازے ان کے آبائی علاقوں میں ہوئے اور طالبان رجیم کے عہدیدار بھی جنازوں میں شریک ہوئے۔

بقیہ 25 تجارت نیوز

خارجہ نے تینوں ممالک کے چیفس آف اسٹاف کا فوری اجلاس منعقد کرنے کے انتظامات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت کسی ایک فریق پر حملے کو تمام فریقوں پر حملہ تصور کیا جاتا ہے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں ہوئی ہے جب حوثیوں نے سعودی عرب میں متعدد میزائل اور ڈرون حملے کرنے کا دعویٰ کیا، جبکہ سعودی حکام نے حوثی جنگجوؤں کی جانب سے داغے گئے 6 بیلسٹک میزائلوں کو روکنے کا اعلان کیا۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

کہ ایرانی صدر بھی ان سے متفق تھے، تاہم انہوں نے اس دستاویز کی مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ انہوں نے کہا کہ امن کا حصول کبھی آسان نہیں رہا۔ رکاوٹیں ہیں، مشکلات ہیں، لیکن ہم پُرامید ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ممالک کو مل کر کام کرنا چاہیے اور دیگر دوست ممالک کی حمایت حاصل کرنی چاہیے۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

کے دعوے کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے وضاحت کردی۔ وزارت اطلاعات ونشریات نے افغان وزارت دفاع کے دعوے کو جعلی اور من گھڑت قرار دینے کا فیکٹ چیک جاری کرتے ہوئے بتایا کہ افغان وزارت دفاع نے اسپن بولدک کے قریب پاکستانی پوسٹ تباہ کرنے کا جھوٹا دعویٰ کیا ہے۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

کہ 2030 تک کمپنی کا ہدف گاڑیوں کی تیاری کی کارکردگی میں 30 فیصد اور پیداواری کارکردگی میں 50 فیصد اضافہ کرنا ہے۔ کار ساز کمپنی کا ہدف ہے کہ مالی سال 2030 یا اس کے بعد بھارت میں سالانہ پیداواری صلاحیت بڑھا کر 40 لاکھ سے 49 لاکھ 90 ہزار گاڑیوں تک پہنچائی جائے۔ قبل ازیں سوزوکی کے حصص کی قیمت میں 0.9 فیصد اضافہ ہوا جبکہ نکیئی انڈیکس میں 1.1 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گی

بقیہ 29 تجارت نیوز

کہ حکومت نے جلسے کے راستے بند کرنے کی کوشش کی، ہمیں جلسے کے انتظامات نہیں کرنے دیئے گئے، کارکنوں نے حکومت کے سارے انتظامات ختم کر کے جلسہ کیا، مارچ کو ہم نے صرف روکا ہے ختم نہیں کیا حکومت اپنے ہتھکنڈوں سے باز آجائے، حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور ن لیگ جیسی پارٹیاں پرانی ہوچکی ہیں یہ صرف فارم 47 کے سہارے پر ہیں یہ عوام کے آگے بہہ جائیں گی، ہم نے تو اپنے پورے ایجنڈے کے نکات بھی سامنے نہیں رکھے، ابھی تو ہم نے لیوی بھتہ کے خاتمے کی بات کی ہے۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

لیے ایل این جی کی قیمت میں 21 فیصد سے زائد کی کمی کردی، ایل این جی کی قیمت میں 3.91 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو تک کی کمی کردی گئی۔ سوئی ناردرن سسٹم پر ایل این جی کی قیمت میں 3.83 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو کمی کی گئی جس کے بعد سوئی ناردرن سسٹم پر ایل این جی کی نئی قیمت 15.19 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کر دی گئی۔ سوئی سدرن سسٹم پر ایل این جی کی قیمت میں 3.91 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو کمی ہوئی جس کے بعد سوئی سدرن سسٹم پر ایل این جی کی نئی قیمت 14.22 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کردی گئی۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

گے جب سوشل میڈیا مواد سے حاصل ہونے والی آمدن پاکستان میں صارفین کے ساتھ رابطے کے ذریعے پاکستان سے حاصل ہونے والی آمدن تصور ہوا اور مقررہ صارفین کی حد پوری ہوتی ہو۔ ایف بی آر نے کسی سرگرمی کو کاروباری سرگرمیوں کے مسلسل اور منظم حصول یا ڈیجیٹل ذرائع سے صارفین کے ساتھ رابطے کے زمرے میں لانے کے لیے ٹیکس سال کے دوران 50 ہزار سے زائد صارفین یا سہ ماہی میں 12,250 صارفین کی حد مقرر کی ہے۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

کے دو لاکھ 82 ہزار سے زائد کلیمز ادا کیے گئے، جبکہ آگ اور املاک سے متعلق تقریباً 11 ہزار کلیمز نمٹائے گئے۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر سدھو نے کہا کہ انشورنس کمپنیوں کے کلیمز کی تفصیلات جاری کرنے سے احتساب بڑھے گا۔

بقیہ 33 تجارت نیوز

روپے رہی۔ ایل این جی کو نکال کر بنیادی کاروبار سے مجموعی منافع 20.5 فیصد بڑھ گیا جو 67.9 ارب روپے سے بڑھ کر 81.9 ارب روپے ہوگیا۔ پاکستان اسٹیٹ آئل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جاوید احمد چیمہ نے کہا کہ مالی سال 2026 کمپنی کے لیے ایک چیلنجنگ سال رہا۔ انہوں نے کہا کہ پورے پاکستان میں ایندھن کی سپلائی ایک دن کے لیے بھی متاثر نہیں ہوئی اور آپریشنز محفوظ انداز میں جاری رکھے گئے۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

ویلورا گلوبل وینچرز، حصص کی خریداری کے معاہدے کے تحت شنگھائی چیلنج ٹیکسٹائل کمپنی لمیٹڈ اور ژی جیانگ ژیناؤ انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ سے مسعود ٹیکسٹائل ملز کے حصص حاصل کرے گی۔ متحدہ عرب امارات کی اجمان فری زون اتھارٹی کے تحت قائم ویلورا گلوبل وینچرز پاکستان سے باہر ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی تھوک تجارت کے علاوہ تجارتی بروکریج کی سرگرمیوں سے وابستہ ہے۔

بقیہ 35 تجارت نیوز

ہفتے قیمتوں میں نمایاں اتار چڑھاؤ کے بعد برینٹ خام تیل 87 سینٹ یا 0.82 فیصد کمی کے بعد 105.73 ڈالر فی بیرل ہوگیا، جبکہ ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) 1.56 ڈالر یا 1.65 فیصد کمی سے 93.05 ڈالر فی بیرل پر آگیا۔ قبل ازیں کو دونوں بینچ مارکس میں 5 فیصد تک اضافہ ہوا تھا۔ برینٹ کی قیمت 3.4 فیصد جبکہ ڈبلیو ٹی آئی 2.7 فیصد اضافے کے ساتھ بند ہوا۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

بارش متوقع ہے، جبکہ حساس علاقوں میں اچانک سیلاب کا خطرہ موجود ہے۔ این ای او سی نے کہا کہ 25 اور 26 ستمبر کو مغربی ہواؤں کے موسمی نظام کی شدت میں اضافے کا امکان ہے، جس کے نتیجے میں پہاڑی علاقوں اور مقامی ندی نالوں میں اچانک سیلاب آسکتا ہے۔ گلگت بلتستان میں استور، اسکردو، روندو، گانچھے اور شگر میں سیلاب کا خدشہ ہے، جبکہ آزاد کشمیر میں نیلم ویلی، حویلی، پونچھ اور سدھنوتی کو بھی حساس علاقوں میں شامل کیا گیا ہے۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

اثرانداز ہونے والے حصص، جن میں اے ایم آر آئی، او جی ڈی سی، پی او ایل، پی پی ایل، ایچ بی ایل، ایم سی بی، ایم ای بی ایل اور یو بی ایل شامل ہیں، مثبت زون میں کاروبار کرتے رہے۔ ایک اہم پیش رفت میں سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان نے مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت یمن کے حوثیوں کے حملوں کے تناظر میں سعودی عرب کی معاونت کے طریقوں پر غور کے لیے اعلیٰ سطح کا ہنگامی اجلاس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی۔ سینئر وزیر نے حکم دیا کہ فیک نیوز اور گمراہ کن اطلاعات کی روک تھام کے لیے نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی سے معاونت لی جائے، مین اسٹریم اور سوشل میڈیا پر جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے فیک نیوز کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کی جائے گی۔

بقیہ 39 تجارت نیوز

دوران پاکستان میں آئی ایف سی کے بڑھتے ہوئے کردار کا خیر مقدم کیا اور پاکستان کے لیے ورلڈ بینک گروپ (ڈبلیو بی جی) کے کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک (سی پی ایف) (2026-35) کے تحت آئندہ 10 برس کے دوران سالانہ 2 ارب ڈالر تک متحرک کرنے کے عزم کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ اس تعاون کے تحت پاکستان کی ترجیحات میں دیگر شعبوں کے علاوہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے (ایس ایم ایز)، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (پی پی پی) منصوبے اور ہاؤسنگ فنانس شامل ہیں۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

ساز گار انجینئرنگ ورکس لمیٹڈ (کمپنی) پاکستان میں آرک فاکس نیو انرجی وہیکلز (این ای ویز) متعارف کرانے کا ارادہ رکھتی ہے جس سے اس کی نیو انرجی وہیکلز کی مصنوعات کے پورٹ فولیو میں مزید توسیع ہوگی۔ کمپنی کے مطابق آرک فاکس بی اے آئی سی گروپ کے اعلیٰ معیار کی الیکٹرک گاڑیوں کا برانڈ ہے۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

گامزن رہا کیونکہ امریکی ٹریژری ییلڈز میں تیزی اور فیڈرل ریزرو کی جانب سے مزید شرح سود میں اضافے کے بڑھتے ہوئے امکانات نے ڈالر کو کئی ماہ کی بلند ترین سطحوں کے قریب برقرار رکھا۔ ڈالر کی مضبوطی کے باعث یورو دو ماہ کی کم ترین سطح 1.1370 ڈالر تک گر گیا اور مسلسل تیسرے ہفتے بھی کمی کی جانب گامزن رہا۔

بقیہ 42 تجارت نیوز

اضافے سے 3 لاکھ 88 ہزار 404 روپے ہوگئی۔ واضح رہے کہ اس سے قبل سونے کی فی تولہ قیمت 5600 روپے کی کمی سے 4 لاکھ 48 ہزار 336 روپے ہوگئی تھی۔ دریں اثنا چاندی کی فی تولہ قیمت 126 روپے کے اضافے سے 6963 روپے ہوگئی۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

صدارت پارٹی چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کی۔ اجلاس میں خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی، صوبائی کابینہ کے ارکان اور ارکان پارلیمنٹ نے بھی شرکت کی۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی نے 5 اکتوبر کو لانگ مارچ کی نئی تاریخ کے طور پر منظور کرلیا تاہم باضابطہ اعلان قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی اور سینیٹ میں قائد حزب اختلاف راجا ناصر عباس کو اعتماد میں لینے کے بعد کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ لانگ مارچ ہر صورت ہوگا۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

سلامتی سے متعلق امور پر بھی تبادلہ ؟ خیال کیا۔ دریں اثنا رائٹرز نے رپورٹ کیا کہ سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت ایک ہنگامی اعلیٰ سطح اجلاس منعقد کریں گے جس میں یمن کے حوثیوں کے حملوں کے تناظر میں سعودی عرب کی معاونت کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

بھرپور جواب دے کر دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیے۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ پاک افواج نے مؤثر کارروائی کرتے ہوئے جارحیت کرنے والی افغان طالبان رجیم کی پوسٹوں کو کواڈ کاپٹر اور مارٹر فائر سے ملیا میٹ کردیا۔ پاکستانی افواج کی جوابی کارروائی نے افغان طالبان جیسے مکار دشمن کی دراندازی کا منصوبہ مکمل طور پر ناکام بنا دیا۔ سکیورٹی فورسز افغان سرزمین سے پاکستان کی حدود میں ہونے والی ہر دراندازی کا بروقت اور مؤثر جواب دینے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔

بقیہ 46 تجارت نیوز

کی ایک بڑی کوشش ناکام بناتے ہوئے 6.162 کلوگرام سونے کے بسکٹ ضبط کر لیے ہیں، جن کی ابتدائی مالیت تقریباً 25 کروڑ روپے بتائی گئی ہے۔ اس حوالے سے بتایا گیا کہ یہ کارروائی 21 ستمبر 2026 کو فیلڈ انفورسمنٹ یونٹ شیلا باغ کے عملے نے فرنٹیئر کور (ایف سی) کے فعال تعاون اور معاونت سے انجام دی اور خفیہ اطلاع کی بنیاد پر اور علاقے میں مؤثر نگرانی کے دوران کسٹمز انفورسمنٹ اہلکاروں نے اسمگلنگ کی کوشش کو بروقت ناکام بناتے ہوئے سونے کے بسکٹ برآمد کر لیے۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

لیے وزیراعظم شہباز شریف کی سربراہی میں پاکستان کے اعلیٰ سطح وفد کا حصہ ہیں۔ وزیر خزانہ نے موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کیلئے کئے جانے والے وعدوں پر موثر عملدرآمد کے لیے تین بنیادی تقاضوں کی نشاندہی کی جن میں مضبوط پالیسی فریم ورک، مالی وسائل تک رسائی اور ملکی سطح پر منصوبوں کو عملی شکل دینے کی صلاحیت شامل ہیں۔

بقیہ 48 تجارت نیوز

کے تسلسل میں سکیورٹی فورسز نے مزید ٹھکانے بھی تباہ کیے۔ کارروائی کے دوران اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد ہوا۔ دوسری کارروائی 25 ستمبر کو ضلع نوشکی میں خفیہ اطلاع کی بنیاد پر کی گئی، جہاں سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ایک ٹھکانے کو نشانہ بنایا۔

بقیہ 49 تجارت نیوز

بریفنگ دیتے ہوئے سیکرٹری خزانہ نے بتایا کہ سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی سے 70 کروڑ روپے جبکہ ایک سال کے لیے غیر تنخواہی اخراجات میں 5 فیصد کمی سے 16 ارب 10 کروڑ روپے کی بچت ہوگی۔ پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی حنا ربانی کھر نے سوال کیا کہ کیا حکومت کی کفایت شعاری مہم محض دکھاوے کے لیے ہے، تاہم سیکریٹری خزانہ نے براہ راست جواب دینے سے گریز کیا۔

اسلام آباد: گجراتی پاڑے میں سیوریج کا پانی جمع ہے جس سے راہ گیروں کو مشکلات کا سامنا ہے

پی ایس ایکس میں لسٹڈ ٹرسٹ سیکیورٹیز کا کرپٹو کاروبار میں داخلے کا منصوبہ

کمپنی کو ضروری اقدامات اور مزید ریگولیٹری اجازت حاصل کرنے کی ہدایت

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹرسٹ سیکیورٹیز اینڈ بروکریج لمیٹڈ (ٹی ایس بی ایل) نے کہا ہے کہ اس کے بورڈ نے ورچوئل اثاثہ خدمات فراہم کرنے کے لیے ریگولیٹری لائسنس حاصل کرنے کی درخواست دینے کے منصوبے کی منظوری دے دی ہے جبکہ الگ سے کمپنی کو اسپیشل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 23)

کے سی سی آئی انتخابات میں بی ایم جی کا کلین سویپ

15 امیدواروں نے کارپوریٹ جبکہ 15 امیدواروں نے ایسوسی ایٹ کلاس کی نشستیں جیت لیں

کراچی (کامرس رپورٹر) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے 2026-28 کے انتخابات میں بزنس مین گروپ (بی ایم جی) نے تمام 30 مینیجنگ کمیٹی نشستوں پر کامیابی حاصل کرلی۔ انتخابی نتائج کے مطابق بی ایم جی کے تمام 15 امیدواروں نے کارپوریٹ کلاس جبکہ 15 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

مقبوضہ مغربی کنارے کے گاؤں بیت امرین میں اسرائیلی فوج کے ہاتھوں نذر آتش کئے گئے ایک گھر سے دھواں اٹھ رہا ہے

حوثی حملے، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا ہنگامی اجلاس طلب

مکہ مکرمہ سمیت دیگر شہری مقامات کو نشانہ بنانے والے حملوں کی مذمت، سعودی عرب کے حق دفاع کی حمایت

اجلاس میں حوثیوں کے حملوں کے تناظر میں سعودی عرب کی معاونت کے طریقوں پر غور کیا جائے گا

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت تینوں ممالک کے مسلح افواج کے سربراہان کا ہنگامی اجلاس بلانے پر اتفاق کیا ہے، جس میں یمن کے حوثیوں کے حملوں کے تناظر میں سعودی عرب کی معاونت کے طریقوں پر غور کیا جائے گا۔ سعودی وزارت خارجہ کے مطابق سعودی، پاکستانی اور ترک وزرائے خارجہ نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے فریم ورک کے تحت ملاقات کی۔ تینوں ممالک نے مکہ مکرمہ سمیت دیگر شہری مقامات کو نشانہ بنانے والے حملوں کی مذمت کی اور سعودی عرب کے اپنے دفاع کے حق کی حمایت کی۔ بیان کے مطابق وزرائے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

پاکستان امن کے فروغ کیلئے تیار، وزیراعظم کی ایرانی صدر سے ملاقات

یہ ملاقات اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے کے موقع پر ہوئی، جس میں دنیا بھر کے رہنما جمع ہوئے

امن کا حصول کبھی آسان نہیں رہا، رکاوٹیں اور مشکلات ہیں، لیکن ہم پُر امید ہیں، ایرانی صدر بھی متفق ہیں، شہباز شریف

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات کے بعد کہا کہ پاکستان امن کے فروغ اور کشیدگی میں کمی لانے کے لیے مدد کرنے کو تیار ہے۔ یہ ملاقات اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے عمومی مباحثے کے موقع پر ہوئی، جس میں دنیا بھر کے رہنما نیویارک میں جمع ہوئے ہیں۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے شہباز شریف نے ملاقات کو بہت اچھی قرار دیا اور کہا کہ انہوں نے ایرانی صدر کو یقین دلایا ہے کہ اسلام آباد امن عمل میں تعاون کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو بہت جامع قرار دیتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

ایل این جی کی قیمت میں بڑی کمی کردی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے ایل این جی کی قیمت میں بڑی کمی کردی جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا۔ اوگرا نے ستمبر کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

وزیراعظم واپس آ کر پٹرولیم لیوی ختم کرنے کا اعلان کریں، حافظ نعیم

لانگ مارچ ملتوی کیا ہے ختم نہیں کیا، پٹرولیم لیوی ختم نہ ہوئی تو دوبارہ شروع ہو جائے گا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہم نے لانگ مارچ ملتوی کیا ہے ختم نہیں کیا، وزیراعظم واپس آ کر پٹرولیم لیوی ختم کرنے کا اعلان کریں ورنہ مارچ دوبارہ شروع ہو جائے گا۔ لاہور وحدت روڈ پر جلسہ عام سے خطاب میں انہوں نے کہا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)

مالی سال 2026 میں پاکستان اسٹیٹ آئل کو 15 ارب کا منافع

مشکلات کے باوجود پورے پاکستان میں ایندھن کی سپلائی ایک دن بھی متاثر نہیں ہوئی، چیف ایگزیکٹو آفیسر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اسٹیٹ آئل نے 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران بعد از ٹیکس 15.07 ارب روپے کا منافع ریکارڈ کیا جس کے نتیجے میں فی حصص آمدن 32.1 روپے رہی۔ ایک بیان کے مطابق کمپنی کا مجموعی منافع گزشتہ مالی سال کے 96.7 ارب روپے کے مقابلے میں بڑھ کر 99.9 ارب روپے ہوگیا۔ گروپ کی مالی کارکردگی میں بھی بہتری آئی اور ٹیکس کے بعد مجموعی منافع 25.49 ارب روپے تک پہنچ گیا جبکہ مجموعی آمدن 3.42 ٹریلین (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

سوزوکی کا 2030 تک نئی گاڑیوں کی تیاری کا دورانیہ نصف کرنے کا ہدف

بھارت میں سالانہ پیداواری صلاحیت 40 لاکھ سے 49 لاکھ 90 ہزار گاڑیوں تک پہنچائی جائے گی

ٹوکیو (مانیٹرنگ ڈیسک) جاپانی کار ساز کمپنی سوزوکی موٹر نے کہا ہے کہ اس کا ہدف مالی سال 2020 کی سطح کے مقابلے میں تقریباً 2030 تک نئی گاڑیوں کی تیاری کا دورانیہ نصف کرنا ہے جبکہ گاڑیوں کی تیاری اور پیداواری کارکردگی کو بھی بہتر بنایا جائے گا۔ سوزوکی نے ایک بیان میں کہا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)

افغان وزارت دفاع کا اسپین بولدک میں حملے کا بے بنیاد دعویٰ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزارت اطلاعات ونشریات نے افغان وزارت دفاع کی جانب سے اسپین بولدک کے قریب پاکستانی چیک پوسٹ کو تباہ کرنے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

انشورنس صنعت کے اثاثے 4.1 ٹریلین، پریمیم 778 ارب تک پہنچ گیا

ٹیکس کا تعین مجموعی معاوضے سے قابل اجازت اخراجات منہا کر کے کیا جائے گا

ایک سال کے دوران 50 ہزار سے زائد صارفین یا سہ ماہی میں 12,250 صارفین کی حد مقرر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے سوشل میڈیا پر معاوضہ وصول کر کے مواد تیار کرنے والے رہائشی اور غیر رہائشی افراد کی آمدن پر ٹیکس عائد کرنے کے لیے خصوصی طریقہ کار متعارف کرا دیا ہے، جس کے تحت آمدن کا تعین ویوز اور حقیقی طور پر وصول ہونے والے معاوضے کی بنیاد پر مقررہ فارمولے کے ذریعے کیا جائے گا۔ اس حوالے سے ایف بی آر نے 3 نوٹیفکیشنز جاری کیے ہیں۔ ایف بی آر نے ایس آر او 1640 (I)/2026 کے ذریعے معاوضہ وصول کر کے سوشل میڈیا مواد سے آمدن کمانے والے افراد کی وضاحت کی ہے، جبکہ رہائشی افراد کے لیے ایس آر او 1641 (I)/2026 اور غیر رہائشی افراد کے لیے ایس آر او 1642 (I)/2026 جاری کیا گیا ہے۔ نئے طریقہ کار کے تحت غیر رہائشی افراد پر یہ قواعد اس صورت میں لاگو ہوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے عملی مدد دی جائے، محمد اورنگزیب

وفات سے متعلق 33 ہزار جبکہ صحت اور حادثات سے متعلق سات لاکھ 20 ہزار کلیمز نمٹائے گئے

2025 میں انشورنس کمپنیوں نے 10 لاکھ سے زائد کلیمز ادا کیے، ایس ای سی پی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملکی انشورنس صنعت کے اثاثے 4.1 ٹریلین روپے اور پریمیم 778 ارب تک پہنچ گیا ہے، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے انشورنس انڈسٹری کی ڈیٹا رپورٹ جاری کردی، جس کے مطابق 2025 میں انشورنس کمپنیوں نے 10 لاکھ سے زائد کلیمز ادا کیے۔ واضح رہے کہ انشورنس انڈسٹری کے ادا کیے گئے کلیمز کا ڈیٹا پہلی بار جاری کیا گیا ہے۔ ایس ای سی پی کے مطابق لائف انشورنس سیکٹر میں مجموعی طور پر 410 ارب روپے کے کلیمز ادا کیے گئے، جبکہ نان لائف انشورنس کمپنیوں نے 132 ارب روپے کے کلیمز کی ادائیگی کی۔ لائف انشورنس کمپنیوں نے وفات سے متعلق 33 ہزار سے زائد کلیمز ادا کیے۔ نان لائف کمپنیوں نے صحت اور حادثات سے متعلق سات لاکھ 20 ہزار سے زائد کلیمز نمٹائے۔ رپورٹ کے مطابق موٹر انشورنس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 32)

سول اسپتال کراچی کے قریب چاند بی بی روڈ پر قدیم درخت گاڑیوں پر گرا ہوا ہے، مکین اور راہ گیر جمع ہیں

اماراتی کمپنی کو پاکستانی کمپنی کے حصص حاصل کرنے کی منظوری مل گئی

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں لسٹڈ ٹیکسٹائل ملز دھاگے، مخملی اور رنگے ہوئے کپڑے تیار اور فروخت کرتی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مسابقتی کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) نے متحدہ عرب امارات میں قائم کمپنی ویلورا گلوبل وینچرز-ایف زیڈ سی کی جانب سے دو چینی کمپنیوں سے مسعود ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کے حصص حاصل کرنے کی منظوری دے دی۔ سی سی پی نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ منظوری مسابقتی ایکٹ 2010 کے تحت پہلے مرحلے کی مسابقتی جانچ کے بعد دی گئی۔ معاملے کے تحت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 34)

ایران سے جنگ بندی کے امکانات، تیل کی قیمتوں میں کمی

نمایاں اتار چڑھاؤ کے بعد برینٹ خام تیل 87 سینٹ کمی کے بعد 105.73 ڈالر فی بیرل ہوگیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں معمولی کمی کا شکار ہوئیں، کیونکہ سرمایہ کار امریکا اور ایران کے درمیان ممکنہ جنگ بندی کے امکانات کا جائزہ لے رہے ہیں جبکہ سعودی عرب پر حوثی باغیوں کے حملوں نے مارکیٹ میں غیر یقینی صورتحال برقرار رکھی ہے۔ گزشتہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 35)

اوشین آرٹ گیلری: شرمیلا فاروقی ڈاؤن سنڈروم کے شکار بچوں کی پینٹنگز کا افتتاح کر رہی ہیں

30 ستمبر تک بالائی علاقوں میں شدید بارشوں کا خدشہ ہے، این ڈی ایم اے

بالائی خیبر پختونخوا، آزاد جموں وکشمیر، گلگت اور اسلام آباد کے حساس علاقوں میں سیلاب کا خطرہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (این ای او سی) نے 25 سے 30 ستمبر تک ملک کے بالائی علاقوں میں شدید بارشوں اور ممکنہ موسمی خطرات کے پیشِ نظر الرٹ جاری کردیا، این ڈی ایم اے کے مطابق بالائی خیبر پختونخوا، آزاد جموں و کشمیر (اے جے کے)، گلگت بلتستان اور اسلام آباد میں گرج چمک کے ساتھ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے امکانات، اسٹاک ایکسچینج میں تیزی

بینچ مارک انڈیکس 133.92 پوائنٹس یا 0.08 فیصد اضافے سے 170,632.86 پوائنٹس پر رہا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کے آخری روز کے پہلے سیشن میں خریداری کا رجحان دیکھا گیا، کیونکہ مارکیٹ نے امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے امکانات کو مدنظر رکھا۔ دوپہر 12 بجے بینچ مارک انڈیکس 133.92 پوائنٹس یا 0.08 فیصد اضافے سے 170,632.86 پوائنٹس پر رہا۔ اہم شعبوں میں خریداری دیکھی گئی، جن میں آٹوموبائل اسمبلرز، سیمنٹ، کمرشل بینک، تیل و گیس کی تلاش اور بجلی کی پیداوار شامل ہیں۔ انڈیکس پر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

سندھ: گمراہ کن خبریں روکنے کیلئے این سی سی آئی اے سے مدد لینے کا فیصلہ

مین اسٹریم اور سوشل میڈیا پر جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے فیک نیوز کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ ہوگی

گمراہ کن اطلاعات کے ذریعے کسی کو نقصان پہنچانے کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی، شرجیل میمن

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ حکومت نے فیک نیوز کی روک تھام کے لیے نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی سے مدد لینے کا فیصلہ کرلیا ہے، سیکریٹری اطلاعات اور محکمہ اطلاعات کے تمام شعبوں کے ڈائریکٹرز کو فیک نیوز کی مانیٹرنگ اور مؤثر میڈیا حکمت عملی بنانے کی ہدایت کردی گئی۔ ذرائع کے مطابق سندھ کے سینیئر وزیر شرجیل انعام میمن کی زیرِ صدارت محکمہ اطلاعات کا اہم اجلاس ہوا جس میں سیکریٹری اطلاعات کاشف گلزار شیخ، ڈی جی اطلاعات معیز پیرزادہ اور تمام ڈائریکٹرز شریک ہوئے۔ شرجیل انعام میمن نے واضح کیا کہ جھوٹی اور گمراہ کن اطلاعات کے ذریعے کسی بھی شخص یا ادارے کو نقصان پہنچانے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

آئی ایف سی اور ورلڈ بینک پاکستان سے تعاون جاری رکھنے کے لیے پُرعزم

ترجیحات میں کاروباری ادارے، پبلک پرائیویٹ پارٹنر منصوبے اور ہاؤسنگ فنانس شامل ہیں، احد چیمہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی ایف سی) کے ریجنل ڈائریکٹر سائمن اینڈریوز نے پاکستان کے لیے ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر بولور مااماگا آبازار کے ہمراہ وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور سینیٹر احد چیمہ سے ملاقات کی جس میں پاکستان میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری اور ترقیاتی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایک بیان کے مطابق وفاقی وزیر نے گزشتہ چار برس کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

ساز گار کا پاکستان میں پریمیم الیکٹرک وہیکل متعارف کرانے کا منصوبہ

آرک فاکس بی اے آئی سی گروپ کے اعلیٰ معیار کی الیکٹرک گاڑیوں کا برانڈ ہے، کمپنی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ساز گار انجینئرنگ ورکس لمیٹڈ نے چین کے بی اے آئی سی گروپ (Group BAIC) کے پریمیم الیکٹرک وہیکل برانڈ آرک فاکس (ARCFOX) کو پاکستان میں متعارف کرانے کا منصوبہ بنایا ہے جس سے کمپنی اپنے نیو انرجی وہیکل پورٹ فولیو کو مزید وسعت دے گی۔ لسٹڈ کمپنی نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں جمع کرائی گئی اپنی فائلنگ کے ذریعے اس پیشرفت سے آگاہ کیا۔ کمپنی نے ایک نوٹس میں کہا کہ ہمیں یہ بتاتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

چینی صدر کی امریکہ، ایران معاہدے کی بحالی کی حمایت

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) چین کے صدر شی جن پنگ نے وائٹ ہاؤس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کے دوران کہا کہ چین امریکا اور ایران کی جون میں ہونے والے معاہدے کی جانب واپسی کی حمایت کرتا ہے، جس کا مقصد جنگ کا خاتمہ اور آبنائے ہرمز کو کھولنا تھا۔ یہ بات چینی خبر رساں ایجنسی شنہوا نے بتائی۔

چمن سیکٹر پر افغان جارحیت کی کوشش ناکام، متعدد طالبان ہلاک

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز نے افغانستان سے چمن سیکٹر پر دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی، جس میں متعدد طالبان ہلاک ہو گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق چمن سیکٹر میں پاک افغان سرحدی علاقے پر افغان جارحیت اور دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی گئی، اس کارروائی میں متعدد افغان طالبان ہلاک ہوئے۔ ذرائع نے بتایا کہ افغانستان کی جانب سے چمن سیکٹر پر جارحیت کی کوشش کی گئی، جس پر سیکیورٹی فورسز نے بروقت جوابی کارروائی کی، پاک فوج نے اشتعال انگیز فائرنگ کا مؤثر اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 45)



مکہ دفاعی معاہدے کو ادارہ جاتی شکل دینے پر غور

یہ پیش رفت پاکستان کے نائب وزیراعظم، سعودی وزیر خارجہ اور ترک وزیر خارجہ کے درمیان سامنے آئی

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت ادارہ جاتی ڈھانچے کے قیام کی جانب پیشرفت کا جائزہ لیا۔ یہ پیش رفت نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان آل سعود اور ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان کے درمیان ہونے والی ملاقات میں سامنے آئی۔ نائب وزیراعظم ڈار نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں کہا کہ انہوں نے علاقائی اور بین الاقوامی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 44)

ڈالر کے مقابلے روپے کی قدر میں اضافہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر کے مقابلے روپے کی قدر میں بہتری کا سلسلہ جاری رہا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق کاروبار کے اختتام پر ڈالر کے مقابلے میں روپیہ ایک پیسے کی بہتری سے 277.16 روپے پر بند ہوا۔ یاد رہے کہ جمعرات کو مقامی کرنسی 277.17 روپے پر بند ہوئی تھی۔ عالمی سطح پر امریکی ڈالر تین ماہ سے زائد عرصے میں پہلی مرتبہ مسلسل دوسرے ہفتے بھی اضافے کی جانب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 41)

سونے کی فی تولہ قیمت میں 4700 روپے اضافہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی و مقامی مارکیٹوں میں سونے کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ عالمی بلین مارکیٹ میں سونا 47 ڈالر کے اضافے سے 4305 ڈالر فی اونس کا ہوگیا۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں سونے کے نرخ میں اضافے کے باعث مقامی سطح پر بھی فی تولہ سونا 4700 روپے کے اضافے سے 4 لاکھ 53 ہزار 36 روپے پر جا پہنچا۔ اسی طرح دس گرام سونے کی قیمت بھی 4029 روپے کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42)

ضلع سیماڑی میں جرائم کی روک تھام کیلئے شاہین فورس کے جوان گشت پر روانہ ہو رہے ہیں

کوئٹہ میں کارروائی کے دوران 6 کلو سے زائد سونا برآمد

علاقے میں مؤثر نگرانی کے دوران کسٹمز اہلکاروں نے اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) کوئٹہ میں کسٹمز انفورسمنٹ نے کارروائی کرتے ہوئے 6.162 کلوگرام سونا برآمد کرلیا اور اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بنا دی ہے۔ پاکستان کسٹمز کے مطابق کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ نے بلوچستان کے سرحدی علاقوں کے ذریعے سونے کی اسمگلنگ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)



حیدرآباد: سینئر وزیر شرجیل میمن راول ہاؤس میں عشائیے سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان تحریک انصاف نے لانگ مارچ 5 اکتوبر تک موخر کردیا

گورنر راج نافذ کرنا غیر آئینی اقدام نہیں، اس سے متعلق مشاورت جاری ہے، گورنر خیبر پختونخوا

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ٹی آئی نے 27 ستمبر کو ہونے والا لانگ مارچ موخر کر کے 5 اکتوبر کو کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جو پارٹی کے بانی عمران خان کی سالگرہ کا دن بھی ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ فیصلہ پشاور میں وزیراعلیٰ ہاؤس میں پی ٹی آئی کی سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں کیا گیا، جس کی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

بلوچستان میں دو روز کے دوران 16 دہشت گرد مارے گئے، آئی ایس پی آر

ان کارروائیوں میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کو نشانہ بنایا گیا

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے بتایا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران بلوچستان میں انسداد دہشت گردی کی الگ الگ کارروائیوں میں 16 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 24 ستمبر کو کوئٹہ کے ضلع کے علاقے شعبان میں کارروائی کے دوران 5 دہشت گرد ہلاک کیے گئے، جہاں آپریشن شعبان (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)

موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے عملی مدد دی جائے، محمد اورنگزیب

اس حوالے سے کیے جانے والے وعدوں کو ٹھوس اور دیرپا نتائج میں تبدیل ہونا چاہیے

مالی معاونت حاصل کرنے کے قابل منصوبوں کی کمی مؤثر عملدرآمد میں مسلسل رکاوٹ ہے

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کیلئے کیے جانے والے وعدوں کو عوام اور کمیونٹیز کے لیے ٹھوس اور عملی نتائج میں تبدیل ہونا چاہیے۔ یہ بات انہوں نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے سالانہ اجلاس کے موقع پر نیویارک میں کلائمیٹ ایکشن مٹیگیشن برج کے حوالے سے منعقدہ اعلیٰ سطح کی تقریب سے خطاب کرتے کہی۔ ایک بیان کے مطابق محمد اورنگزیب نے نیویارک میں اپنے سرکاری دورے کے چوتھے روز بھی اعلیٰ سطح ملاقاتوں اور سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھا۔ وہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 47)

ایندھن کی بچت سے صرف 70 کروڑ روپے کا فائدہ ہوگا، سیکریٹری خزانہ

مجموعی طور پر کفایت شعاری اقدامات سے 16 ارب 80 کروڑ روپے بچائے جا سکیں گے

تین صوبے چینی کے شعبے کو آزاد کرنے پر متفق جبکہ ایک صوبے سے بات چیت جاری ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی سیکریٹری خزانہ امداد اللہ بوسال نے انکشاف کیا ہے کہ حکومت کی نئی کفایت شعاری مہم کے تحت سرکاری گاڑیوں کے ایندھن میں 50 فیصد کمی سے 3 ماہ کے دوران صرف 70 کروڑ روپے کی بچت ہوگی جبکہ مجموعی طور پر کفایت شعاری اقدامات سے 16 ارب 80 کروڑ روپے بچائے جا سکیں گے، انہوں نے اعتراف کیا کہ چینی کے شعبے کو آزاد کرنے اور صحت و تعلیم پر اخراجات سے متعلق آئی ایم ایف کی شرائط پوری نہیں ہو سکیں۔ پیپلز پارٹی کے سید نوید قمر کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کو آئی ایم ایف پروگرام کے 2 سال مکمل ہونے پر تفصیلی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 49)

تجارت نیوز
میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے
جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس
اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں
اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں
Tijaratnewshd@gmail.com
0313-1176161

حیدرآباد: خدا حافظ چوک پر سیوریج کا پانی جمع ہے جس سے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

لائٹ ہاؤس کے قریب سڑک پر بجلی کی بندش سے تنگ مکین دھرنا دیئے ہوئے ہیں

ایڈیٹر محمد صغیر نے سم سم پرنٹرز آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا